Posted On Kitab Nagri




کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

# ادھورا عشق

## عائشہ مقبول

کمرے کی کھلی کھڑکی سے ہوا اپنا رستہ بنا کر اندر آتی اسے ہلکی ہلکی سردی ہونے کا احساس دلا رہی تھی اکتوبر کا مہینہ تھا تو سردی نے بھی اپنی جھلک دکھانا شروع کر دی تھی وہ مسلسل چہرے پر مسکراہٹ سجائے اپنے موبائل کی روشن اسکرین پر متوجہ تھی اس کی آنکھوں کی چمک اور ہونٹوں کی مسکراہٹ اس بات کی گواہی دے رہی تھیں کہ میسج کرنے والا شخص کوئی بہت ہی زیادہ خاص ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سب کے ریلیشنز کی طرح ہمارے ریلیشن شپ میں بھی اتنی ٹوکسٹی اور مشکلات آئیں پر ہم نے سب کچھ فیس کرنے کے بعد بھی ایک دوسرے کا ساتھ نہیں چھوڑا،عشا نے ایک بھرپور مسکراہٹ کے ساتھ میسج کیا

Posted On Kitab Nagri

الحمدللہ سب فیس کرنے کے بعد بھی ہم ایک دوسرے کے ساتھ ہیں😊

کبھی دیکھا ہے کسی کا ریلیشن اتنا عرصہ چلا ہو کوئی کسی کے ساتھ اتنا ٹائم رہا ہو بھوری آنکھوں میں محبت کی چمک اور ہونٹوں پر مسکراہٹ سجائے ایان نے جواب دیا وہ بھوری آنکھوں والا شخص جس کے چہرے کو داڑھی اور مونچھیں مزید پرکشش بنا دیتی ہیں اپنی محبت پر جان لٹانے والا کوئی شہزادہ ہی معلوم ہوتا ہے وہ شخص اس کو محبت سے زیادہ عزت اور تحفظ کا احساس دلاتا ہے تبھی تو اس داڑھی والے کی حجاب زادی اس پر جان لٹاتی ہے

جانتی ہوں تبھی تو اتنی خوش ہوں کہ اتنا سب کچھ سہنے کے بعد بھی الحمدللہ الحمدللہ ہم ایک دوسرے کے ساتھ ہیں وہ چہکتی ہوئی کہنے لگی😜

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

الحمدللہ! کیا کر رہی ہو چڑیل😂

اس نے تنگ کرنے کے انداز میں بات کی

Posted On Kitab Nagri

وہ اپنی عشاء کو چڑیل اور جنگلی بلی پیار سے کہتا تھا وہ اس کی جنگلی بلی ہی تو تھی جو اس سے لڑ جھگڑ بھی لیتی تھی اور دل کھول کر غصہ بھی کر لیتی تھی اور غصے میں تو وہ نا جانے بیچارے ایان کو کیا کیا سنا دیتی تھی

پر ایان جس سے کسی کا غصہ یا غلط بات برداشت نہیں ہوتی جو خود غصے کا بہت تیز ہے اس کی ہر بات خاموشی سے سن بھی لیتا اور سہہ بھی لیتا کیونکہ اسے معلوم تھا کہ عشاء صرف اسی کے سامنے تو غصے کا اظہار کرتی ہے اور وہ اس سے پیار بھی تو بہت کرتی ہے

دیکھو بندر🙈 تم ہو گے جن😮 میں تو نہیں ہوں چڑیل😊

اب مجھے تم نے تنگ کیا تو میں

تمہارا خون پی جاؤں گی اس نے چڑتے ہوئے کہا

دیکھا دیکھا چڑیلیں ہی خون پیا کرتی ہیں ابھی تم نے خود ہی کہہ دیا😂😂 اس نے مزید تنگ کیا

Posted On Kitab Nagri

اپنا کونڈا میں تمہارا سر توڑ دوں گی😌 اس نے ناک چڑاتے ہوئے کہا

عشاء جب بھی لڑنے اور غصہ کرنے کے موڈ میں ہوتی تو ایان کو اپنا کونڈا، کنگ کانگ، کھڑوس، سڑیل اور بندر جیسے ناموں سے بلاتی تھی اور پیار میں وہ ہمیشہ اسے بھالو کہا کرتی تھی

سر توڑتے ہیں یا پھوڑتے ہیں

وہ ہنستے ہوئے پوچھنے لگا، جو بھی ہوتا ہے اس نے ناک منہ

چڑاتے ہوئے کہا

😂 ایک اور ہنستے ایموجی کے ساتھ میسج آیا اچھا

ایان تم سے ایک بات پوچھوں سچ سچ بتاؤ گے 😶

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کچھ دیر کی خاموشی کے بعد عشاء نے سیریس ہوتے سوال کیا

ایک کیا دس پوچھ لو تمہیں اجازت کی کیا ضرورت ہے اس نے پیار سے کہا☺

اس کا میسج اس کے چہرے پر مسکراہٹ بکھیر گیا تم کبھی مجھے چھوڑ تو نہیں دو گے نہ

پتا نہیں کیوں لیکن کبھی کبھی مجھے بہت ڈر لگتا اگر تم نے مجھے سب کی خاطر چھوڑ دیا تو میں کیا کروں گی

میں تمہارے بغیر مر جاؤں گی پلیز کبھی مجھے چھوڑ کر مت جانا

اس نے روہانسی ہوتے ہوئے کہا

میرے ہوتے ہوئے کیوں ڈرتی ہو میں ہوں نہ تمہارے ساتھ انشاللہ ایک دن ہمیشہ کے لیے تمہیں اپنا

بنالوں گا کبھی تمہارا ساتھ نہیں چھوڑوں گا سب سے لڑ جاؤں گا تمہاری خاطر وہ اسے سمجھانے لگا

Posted On Kitab Nagri

وعدہ کرو تم کبھی میرا ہاتھ نہیں چھوڑو گے میں تمہاری خاطر سب سے لڑ سکتی ہوں سب فیس کر لوں گی پر اگر تم نے میرا ہاتھ چھوڑا تو میں ٹوٹ کر بکھر جاؤں گی پلیز مجھے کبھی ٹوٹنے مت دینا وہ روتے ہوئے بولی

انشاللہ ایسا کبھی نہیں ہو گا پر امس میں سب کو منا لوں گا وہ اس سے وعدہ کرتے ہوئے بولا

وہ ہمیشہ کی طرح آج بھی اس پر آنکھیں بند کر کے اعتبار کر کے آنکھوں میں محبت کے خوبصورت خواب سجانے لگی وہ ایسی ہی تو تھی دیوانی سی جو محبت پر اعتبار کر کے خود کو اس کے سپرد کر دیتی ہے پر کون جانے ان کی محبت کے نصیب میں کیا لکھا ہے یہ تو وقت ہی بتائے گا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نے کہیں سنا تھا کہ محبت میں دو طرح کے پاگل ہوتے ہیں پہلے وہ جو محبت کی خاطر خود کو پاگل بنا لیتے ہیں اور دوسرے وہ جو پاگلوں کی طرح محبت کرتے ہیں اب اس دیوانی کو دیکھ کر یہ سمجھا تو مشکل ہے کہ وہ محبت کی خاطر خود کو پاگل بنا رہی ہے یا پاگلوں کی طرح محبت نبھا رہی ہے

Posted On Kitab Nagri

جیسے جیسے سردی بڑھ رہی ہے لوگ سکون کے لیے دھوپ کی تپش کے لیے دھوپ میں بیٹھتے ہیں اسی طرح عشاء بھی اپنی جان سے پیاری دوست ماہم کے ساتھ چھت پر بیٹھ کر دھوپ کی گرمائش محسوس کر رہی ہے

عشاء اور ماہم آمنے سامنے والے فلیٹ میں رہتی ہیں اور جس طرح ان کے گھر بہت نزدیک ہیں بلکل ویسے ہی ان کے دل بھی ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہیں اور ایان اور عشاء ایک دوسرے سے بہت دور دو مختلف شہروں میں رہنے والے ایک دوسرے کے دلوں میں بہت قریب رہتے ہیں عشاء اور ماہم کی عمر میں تین سال کا فرق ہے ماہم فرسٹ ایئر کی اسٹوڈنٹ اور عشاء کا یونیورسٹی میں آخری سال شروع ہونے والا ہے ان دونوں کی دوستی اور پیار کو دیکھ کر لگتا ہی نہیں کہ ماہم عشاء سے تین سال چھوٹی ہے وہ دونوں ایک دوسرے کی ہمراز اور خوشی و غم کی ساتھی ہیں وہ دونوں ایک دوسرے سے اپنی ہر چھوٹی سے بڑی بات جب تک ایک دوسرے سے شئیر نہ کر لیتیں ان کو سکون نہ ملتا

Posted On Kitab Nagri

یار تم کیوں اس انسان کی محبت میں خود کو پاگل بنا رہی ہو اتنی اذیت دے رہی ہو خود کو جس کا جب دل کرتا ہے تمہیں چھوڑ جاتا ہے جب دل کرتا ہے واپس آجاتا ہے تم بھول گئی ہو وہ سب جو وہ ہمیشہ سے کرتا آیا ہے تمہیں بار بار ہرٹ کرتا ہے ماضی میں اتنا سب ہوا ہے تم وہ سب اگنور کر کے اب بھی بے وقوفوں کی طرح اندھا اعتبار کرتی ہو اس پر ماہم نے بہت اداسی کے ساتھ اس کی طرف دیکھتے ہوئے کہا😟

مانتی ہوں وہ کبھی کبھی ہرٹ کر دیتا ہے مجھے لیکن یار مشکلیں اور پریشانیاں تو سب کی لائف میں آتی ہیں پر ان سب کو سوچ کر میں اس کا پیار تو نہیں بھلا سکتی نہ یار وہ مجھ سے بہت پیار کرتا ہے اس لیے اب وہ کبھی مجھے چھوڑ کر نہیں جائے گا اس نے یقین بھرے لہجے میں ایان کی صفائی دیتے ہوئے کہا😟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم پاگل ہو گئی ہو بس ورنہ جو سب وہ تمہارے ساتھ کر چکا ہے میں تمہاری جگہ ہوتی تو کب کا اسے چھوڑ کر آگے بڑھ جاتی ماہم نے آنکھیں گھماتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

میں اسے نہیں چھوڑ سکتی ماہی صرف محبت ہوتی تو شاید اتنی تکلیف سہنے کے بعد پیچھے ہٹ جاتی پر مجھے اس سے عشق ہو گیا ہے ماہی اور عشق تو محبت کی انتہا کا مقام ہے محبت میں خود غرضی ہو سکتی ہے پر عشق میں نہیں عشق میں انسان خود کی ذات کو بہت پیچھے ہی چھوڑ آتا ہے اس میں محبوب کے سوا کچھ نظر نہیں آتا اپنی بکھری حالت بھی نہیں میں چاہ کر بھی اسے نہیں چھوڑ سکتی اسے خود سے الگ نہیں کر سکتی اس کا خیال مجھے اس سے دور ہو کر جینے نہیں دے گا میں خود کو کو بہت بے بس محسوس کرتی ہوں ایسا لگتا ہے وہ مجھ سے کہیں کھو گیا تو میں مر جاؤں گی پچھلے چھ سالوں میں میں نے اس سے اتنی محبت کی ہے اب وہ میری روح کا حصہ بن گیا ہے میں اسے خود سے چاہ کر بھی جدا نہیں کر سکتی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ روتے ہوئے اپنی دوست کو اپنے دل کا حال سنانے لگی

Posted On Kitab Nagri

دیکھو عشاء محبت کرو میں جانتی ہوں انسان اپنی محبت سے کبھی دستبردار نہیں ہو سکتا لیکن محبت میں اپنی عزت نفس کو مجروح کر کے اس کے آگے خود کو اتنا مت جھکاؤ کہ تمہاری ذات اس کی نظر میں بے معنی ہو جائے وہ اسے سمجھانے لگی

مجھے یقین ہے ایک دن سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا بس دعا کرو یہ ذات کا مسئلہ ختم ہو جائے ہم دونوں کے گھر والے مان جائیں وہ دعا کرنے لگی

آسمان میں چمکتے خوبصورت چاند کو دیکھنے میں مگن وہ اپنی محبت کے خواب بن رہی تھی۔ختلف سوچوں نے اسے اپنے گھیرے میں لیا ہوا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم کب سے کہہ رہے ہو تم ملنے آؤ گے پر تم آ ہی نہیں رہے شاید اب تمہارا دل ہی نہیں کرتا مجھ سے ملنے کو بس میں ہی پاگل ہوں وہ اس سے لڑنے لگی

Posted On Kitab Nagri

میرا دل نہیں کرتا؟ میں کیا کروں یار میرا ابھی بہت دل کرتا ہے تم سے ملنے کو اتنا ٹائم ہو گیا ہے تمہیں دیکھنے کو ترس گیا ہوں اور تم مجھ سے لڑ رہی ہو کہ میرا دل نہیں کرتا ایان نے اداسی کے ساتھ جواب دیا

تو پھر ملنے کیوں نہیں آتے اب تو یونیورسٹی بھی اوپن ہو گئی ہے تم دو مہینوں سے کہہ رہے ہو آؤں گا اور اب آ ہی نہیں رہے وہ سردیوں کی شاموں کی طرح اداسی سے کہنے لگی

بس شادی سے فارغ ہو جاؤں پھر انشاللہ آؤں گا ملنے وہ اس سے وعدہ کرنے لگا

ٹھیک ہے میں شادی کے بعد کوئی بہانہ نہیں سنوں گی شادی میں بھی بس کچھ ہی دن ہیں اب وہ مان گئی تھی

Posted On Kitab Nagri

اس رات کے بعد وہ پورا دن اس کو میسج کرتی اس کا انتظار کرتی پر وہ شادی کی تیاریوں میں اتنا مصروف تھا اسے وقت ہی نہیں دے پاتا تھا ان دنوں وہ کافی زیادہ چڑچڑی ہوتی جا رہی تھی ہر بات پر غصہ کرنا لڑنا شروع ہو جاتی اور ہر چھوٹی سے چھوٹی بات کو دل پر لے کر رونے لگ جاتی

اس نے خود کو گھر والوں کے ساتھ خود کو مصروف رکھنا شروع کر دیا تھا وہ جانتی تھی کہ وہ شادی کی تیاریوں میں مصروف ہونے کی وجہ سے اسے وقت نہیں دے پاتا ورنہ وہ اسے اگنور کیوں کرے گا پر یہ جو کمبخت دل ہے نہ یہ کہاں سنتا ہے اسے تو بس محبوب کی توجہ اور اس محبت سے غرض ہوتا ہے وہ اس وقت کھانا کھانے کے بعد گھر والوں کے ساتھ بیٹھی ٹی وی دیکھ رہی تھی کسی خیال کے تحت اسنے اپنے کمرے میں جا کر موبائل اٹھایا تو اس کا وائس نوٹ آیا ہوا تھا یوں بھی کہنا غلط نہیں کہ محبتوں میں الہام ہو ہی جاتے ہیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یار میں جانتا ہوں آپ کے دل میں عجیب سے خیال آتے ہوں گے کہ میں کسی اور کے ساتھ مصروف ہوتا ہوں تبھی آپکو ٹائم نہیں دیتا یا بات نہیں کرتا آپ خود ہی دیکھ لو شادی میں اب دن ہی کتنے رہ گئے

Posted On Kitab Nagri

ہیں پورا دن میں آنلائن نہیں آتا کام میں مصروف ہوتا ہوں ایک بار شادی ہو جانے دو پر امس میں آپکو پورا ٹائم دوں گا اور پہلے کی طرح بات بھی کیا کروں گا ایان اس کے دل کی کیفیت کو جان گیا تھا تبھی تو اسے پیار سے سمجھانے لگا

اتنے دنوں بعد اس کا اس طرح اس میسج ملنے کے بعد اس کا دل سکون سے بھر گیا اگر دل میں کوئی وہم اپنی جگہ بنا بھی رہا تھا تو اس وقت ختم ہو گیا وہ اس کو ریپلائے کرنے کے بعد موبائل رکھ کر واپس ٹی وی دیکھنے چلی گئی کیونکہ وہ جانتی تھی شادی ختم ہونے کے بعد اب وہ خود ہی پہلے کی طرح اسے ٹائم دے گا اب اسے بس اسکا انتظار کرنا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شادی کے دنوں میں بھی وہ بہت مصروف رہا ایک کام کرنا وہ نہیں بھولا تھا شادی کے ہر فنکشن میں تیار ہو کر تصویر بنا کر وہ سب سے پہلے اسی کو سینڈ کرتا تھا کیونکہ خاص ہدایت جو ملی تھی کہ سب سے پہلے وہ اسی کو اپنی تصویریں بھیجے گا ورنہ وہ اس سے ناراض ہو کر کبھی بات نہیں کرے گی اور وہ کیسے اپنی پیاری

Posted On Kitab Nagri

سی جنگلی بلی کی بات سے انکار کر سکتا تھا وہ اسے تصویریں بھیج دیتا تو وہ گھنٹوں بیٹھ کر محبت سے اسے دیکھتی رہتی

عشاء اپنے ماں باپ کی اکلوتی بیٹی تھی اس کے دو بھائی تھے جن سے وہ بہت پیار کرتی تھی بہن کی کمی کبھی کبھی محسوس ہوتی تھی لیکن اسکی دوستیں اس کمی کو بھی پورا کر دیتی تھیں اکلوتی ہونے کی وجہ سے وہ سب کی ہی بہت لاڈلی تھی لیکن اس کے پاپا میں تو اس کی جان بستی تھی ہاں یہ ہے کہ باپ بیٹی کا رشتہ بہت انمول ہوتا ہے تبھی تو بیٹیاں باپ کے لیے شہزادیاں ہوتی ہیں اور جب ہو بھی اکلوتی بیٹی تو پھر لاڈلی تو ہونا ہی ہے نہ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عشاء کا یونیورسٹی میں تیسرا سال ختم ہونے والا ہے وہ اس وقت اپنی دوستوں کے ساتھ کیفے میں بیٹھی فرائیز انجوائے کر رہی ہے عشاء اپنی کلاس کی سبھی لڑکیوں کے ساتھ بات کر لیتی ہے سبھی اپنی جگہ بہت اچھی ہیں لیکن اقراء اور ہانیہ سے اس کی دوستی کافی گہری ہونے کی

Posted On Kitab Nagri

وجہ سے وہ یونیورسٹی میں اپنا زیادہ تر وقت انہی کے ساتھ گزارتی ہے اس وقت بھی وہ انہی کے ساتھ موجود ہے

تمہیں کیا ہوا تمہارا منہ کیوں لٹکا ہوا ہے اور اتنی چپ چپ کیوں ہو؟ ہانی عشاء کو اداس دیکھ کر پوچھنے لگی

یار کیا بتاؤں گھر میں مسئلہ چل رہا میں نے ماما سے کہا کہ ایان اپنے پیرنٹس کو رشتے کے لیے بھیجنا چاہتا ہے اس نے اداسی سے کہا

تو اس میں پریشان ہونے والی کیا بات ہے کیا کہا آنٹی نے ؟اقراء اور ہانیہ نے تجسس کے ساتھ پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ماما سنتے ہی غصہ کرنے لگیں کہ اسے کہو یہاں بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے ہم نے نہیں کرنی تمہاری شادی وہاں اس نے آنسوں حلق میں اتارتے ہوئے کہا☹️

لیکن کیوں نہیں کرنا چاہتے؟

انہوں نے پریشانی سے پوچھا

کاسٹ الگ ہونے کی وجہ سے اس نے روتے ہوئے جواب دیا

یار کاسٹ کون دیکھتا ہے اب لڑکا اچھا ہو سیٹل ہو اس سے بڑھ کر اور کیا چاہیے اب تو سب کاسٹ سے باہر شادی کر لیتے ہیں ہانیہ اور اقراء نے کہا

Posted On Kitab Nagri

ہمارے خاندان میں آج تک کبھی کسی کی کاسٹ سے باہر شادی نہیں ہوئی ماما کہتی ہیں ہم خاندان والوں کو کیا کہیں گے لوگ باتیں بنائیں گے تمہیں ہماری عزت کی ذرا پرواہ نہیں ہے اس نے اپنے آنسو صاف کرتے ہوئے جواب دیا

یہ کیا بات ہوئی یار انہیں تمہاری خوشی سے زیادہ اہم ہے خاندان والوں کی باتیں خاندان والے تو ویسے ہی باتیں کرتے رہتے زندگی تم نے گزارنی ہے یا خاندان والوں نے؟ ہانیہ غصے سے کہنے لگی

میں کیا کہوں یار وہ میری بات سننے کو تیار ہی نہیں ہیں کہتی ہیں اگر تم باز نہیں آئی تو تمہاری پاپا کو بتادوں گی اس نے اپنی بے بسی بیان کی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایان بھائی کیا کہتے ہیں ان کے گھر والے مان جائیں گے کیا؟

ہانی نے ایان کے بارے میں سوال کیا

Posted On Kitab Nagri

وہ کہتا ہے وہ اپنے گھر والوں کو منا لے گا ہر حال میں عشاء نے یقین سے کہا

تو پھر ڈرو نہیں سب ٹھیک ہو جائے گا تمہارے گھر والے بھی مان جائیں گے ہانی نے اسکی اداسی ختم کرنے کے لیے کہا

انشاءاللہ عشاء نے دعا کی

سب کچھ پہلے کی طرح نارمل چل رہا تھا تو عشاء نے ایک بار پھر ایان سے بات کر کے گھر والوں سے بات کی اس کی ماما نے اس کے پاپا کو سب بتا دیا

عشاء کے پاپا جنہوں نے کبھی اس کی کوئی خواہش رد نہیں کی کبھی اس پر غصہ نہیں کیا آج غصے میں اس پر ہاتھ اٹھا دیا شاید وہ خاندان کے لوگوں سے ڈر گئے تھے تبھی اپنی لاڈلی بیٹی کو تھپڑ مار دیا

Posted On Kitab Nagri

اس سے اسکا موبائل چھین لیا گیا اور یونیورسٹی جانا بھی بند کر اس نے کھانا پینا کسی سے بھی بات کرنا سب چھوڑ کر خود کو اپنے کمرے تک محدود کر لیا تھا

پاپا نے غصے میں اپنی بیٹی پر ہاتھ تو اٹھا لیا لیکن اس کو تکلیف دے کر خود بھی تکلیف سے گزر رہے تھے اس طرح گھر میں عجیب قسم کی خاموشی اور وحشت نے ڈیرہ ڈال لیا تھا

پورا دن عشاء سے رابطہ نہ ہونے کی وجہ سے ایان بہت پریشان تھا کہ پتا نہیں عشاء کے گھر کیا ہوا ہو گا تبھی اس نے ماہی کو میسج کیا کی وہ عشاء کے گھر جا کر اس سے ملے اور اس کی خیریت کا ایان کو بتائے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماہی عشاء کے گھر آئی تو عشاء کی حالت دیکھ کر اسے بہت تکلیف ہوئی رو رو کر اس نے اپنی آنکھیں سوجا لیں وہ ایک ہی دن میں اسے صدیوں کی بیمار لگ رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

یہ کیا حالت بنالی ہے تم نے اپنی اور انکل آنٹی نے کیا کہا ہے مجھے ایان نے میسج کر کے بتایا ورنہ مجھے پتا ہی نہ چلتا ماہی نے اس کے آنسوں صاف کرتے ہوئے کہا

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

سب ختم ہو گیا ماہی پاپا نے موبائل لے لیا اور یونیورسٹی جانا بند کر دیا ہے ماما مجھے کہہ رہی ہیں کہ میں پاپا کو منا لوں ان سے وعدہ کر لوں کے کبھی اس کا نام نہیں لوں گی اسے چھوڑ دوں گی تو سب ٹھیک ہو جائے گا اس نے روتے ہوئے اپنی بات ٹوٹے لفظوں میں پوری کی

یار اب کیا کرو گی□ماہی نے دکھ سے پوچھا

مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا ماہی میں اس کو کیسے چھوڑ دوں میں مر جاؤں گی اس کے بغیر وہ روتے ہوئے اپنی دوست کو اپنے دل کا حال سنانے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں بات کروں آنٹی سے ماہی نے کہا

نہیں یار وہ نہیں سمجھیں گی الٹا اور غصہ کریں گی□عشاء نے کہا

Posted On Kitab Nagri

تو پھر ایان کو کیا کہوں وہ پریشان ہو رہا اور کہہ رہا بات کرواؤں تمہاری اس سے اس نے پوچھا

اسے بتادو سب جو ہوا عشاء نے کہا

اچھا ٹھیک ہے میں بتادوں گی پر اپنا خیال رکھنا میں پھر آؤں گی شام میں ماہی نے اس کے آنسوں صاف کرتے ہوئے کہا

ٹھیک ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گھر میں ویسی ہی خاموشی چھائی ہوئی تھی ماما اور پاپا کسی کام سے باہر گئے تھے تو اس کا موبائل لاک میں رکھ گئے تھے بھائی بھی گھر پر نہیں تھے تو اس نے ماہم کو آواز دے کر بلا لیا ماہی نے اسے ایک بار ایان

Posted On Kitab Nagri

سے بات کرنے کو کہا ایان کو میسج کیا کہ وہ عشاء کے گھر ہے وہ اس سے بات کر لے میسج دیکھتے ہی فورا کال کی تو ماہی باہر کے دروازے پر پہرا دینے کے لیے کھڑی ہو گئی

کیسی ہو عاشی ؟ ایان نے بے تابی سے پوچھا

ماہی اور ایان عشاء کو کبھی کبھی عاشی بھی کہہ لیا کرتے تھے

ٹھیک ہوں بھالو آپ کیسے ہو؟

عاشی نے روتے ہوئے کہا

میری چھوڑو مجھے بتاؤ تم ٹھیک ہو نہ اور انکل نے تمہیں تھپڑ کیوں مارا؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

غصے میں مار دیا اس نے آنسوں صاف کرتے ہوئے کہا☹

ان کو ہاتھ نہیں اٹھانا چاہیے تھا بہت غلط کیا ویسے غصہ کر لیتے مارا کیوں؟ ایان نے غصے سے کہا

پیار بھی کرتے ہیں پاپا کوئی بات نہیں اگر غصّے میں مار دیا تو وہ اسے سمجھانے لگی

اب کیا کہو گی انکو؟ بات مان جاؤ ان کی جو وہ کہہ رہے ہیں کر لو ان کے سامنے مجھے میسج کر دو کہ تم مجھے چھوڑ رہی ہو تا کہ ابھی سب نارمل ہو جائے پھر بعد میں دیکھ لیں گے اس نے عاشی کو سمجھایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں ایسا کچھ نہیں کہوں گی میں نہیں چھوڑ سکتی آپکو؟ اس نے روتے ہوئے کہا

ابھی کے لیے کہہ دو نہ یہ ان کو تا کہ تمہاری پڑھائی نہ رکوائیں وہ اپنی پڑھائی پر توجہ دو جب پڑھائی مکمل ہو گی تب سب کو منا لیں گے تمہیں میری قسم ہے عاشی ابھی ان کے سامنے کچھ بھی ایسا مت کہنا

Posted On Kitab Nagri

کہ وہ پھر تم پر ہاتھ ہٹائیں یا تمہاری پڑھائی رکوائیں یا تم پر کوئی بھی پابندی لگائیں ایان نے اسے پیار سے سمجھایا

ٹھیک ہے اس نے اس کی دی قسم کو پورا کرنے کا وعدہ کیا

اور جب یونیورسٹی جاؤ تو سب سے پہلے مجھے میسج کرنا ٹھیک ہے؟ اس نے ہدایت دی

ٹھیک ہے عشاء نے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب اپنا خیال رکھنا اور رونا مت جو کہا ہے ماننا ایان نے کہا

ٹھیک ہے آپ بھی اپنا خیال رکھنا اس نے بھی فکر میں کہا

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے اللہ حافظ

اللہ حافظ کہہ کر ماہی کو دروازے سے بلایا

کیا بات ہوئی کیا کہا اس نے ماہی نے پوچھا تو عاشی نے ساری بات اسے بتائی

ٹھیک کہہ رہا ہے وہ ہی کرو اب تم وہ تو مجھے کہہ رہا تھا کہ میں بات کروں عاشی سے میں نے اسے کہا اس طرح بات بگڑ جائے گی عاشی کو خود ہی ہینڈل کرنے دو

اگلا دن بھی ایسے ہی گزر گیا عاشی میں ہمت ہی نہیں ہو رہی تھی کہ وہ کیسے وہ سب کہے دو دن ایسے ہی گزر گئے ادھر ایان پریشانی میں کبھی ہانیہ کو تو کبھی ماہم کو میسج کر کے پوچھ رہا تھا کہ عاشی سے بات ہوئی وہ کیسی ہے اور یونیورسٹی کب آئے گی بلآخر چار دن بعد سب نارمل ہوا تو وہ یونیورسٹی گئ اور ایان کو اپنی خیریت بتائی

Posted On Kitab Nagri

اتنی فکر کرتے ہیں میری کہ اتنے بے چین رہے آپ کبھی ہانیہ کو میسج کرتے کبھی ماہم کو میسج کرتے میرا پوچھنے کے لئے عشاء نے ایان سے کہا

وہ تو بس فارمیلیٹی کے لیے تھا میں کیوں تمہاری فکر کروں گا ایان نے اسے تنگ کرنے کے لیے کہا

بس بس جیسے مجھے پتا نہیں کہ آپکو میری فکر ہے کہ نہیں اس نے یقین سے کہا

☺ایان اس کا خود پر یقین دیکھ کر مسکرا دیا

چلو شام کو بات کریں گے ابھی کلاس لے لو تمہاری کلاس کا ٹائم ہو گیا ہے ایان نے عشاء سے کہا

چلو ٹھیک ہے اللہ حافظ

Posted On Kitab Nagri

اللہ حافظ

رات کو جب ایان عشاء سے بات کر رہا تھا تو اس نے اپنے لیے دعا کرنے کو کہا جو اپنی ہر دعا کا اسے خاص حصہ بنا چکی تھی

دعا کرنا عاشی آج رات کو ایک کام ہونا ہے میرا وہ ہو جائے ایان نے عشاء سے دعا کرنے کے لیے کہا

میں ضرور دعا کروں گی پر آپ مجھے بتائیں تو کیا کام کرنا ہے آپ نے

www.kitabnagri.com

عشاء نے پریشانی سے پوچھا

کل بتاؤں گا اگر کام ہو گیا تو ایان نے کل بتانے کا وعدہ کیا

Posted On Kitab Nagri

اچھاٹھیک ہے

تھوڑی دیر بات کرنے کے بعد ایان عشاء کو سونے کی ہدایت کر کے خود بھی سونے کی کوشش کرنے لگا

اگلے دن ایان کی انسٹا پر پوسٹ کی ہوئی تصویر پر کسی لڑکی کا کمنٹ دیکھ کر مانو اس کے دل میں تو آگ ہی لگ گئی تھی اور آگ لگتی بھی کیوں نہ جن سے محبت

جائے نہ تو اس کے پاس کسی اور کی خوشبو بھی برداشت نہیں ہوتی یہ تو پھر کسی لڑکی کا معاملہ تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دیکھو بندر مجھے صاف صاف بتا دو یہ چڑیل ہے جس نے تمہاری ہر تصویر لائک کی ہوئی ہے اور اب کمنٹ بھی کر دیا تمہیں اس نے تو چلو فولو کیا ہے مگر تم نے اسے فولو بیک بھی کیا ہوا ہے اس نے لڑنے والے موڈ میں میسج کیا

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

www.kitabnagri.com

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

😂

Posted On Kitab Nagri

یار تم پہلے اس کا پورا نام تو پڑھ لو پھر کچھ کہنا ایان اس کی حالت سمجھ کر ہنستے ہوئے کہنے لگا

مجھے کوئی ضرورت نہیں کسی چڑیل کا نام پڑھنے کی مجھے بتاؤ کون ہے وہ اس نے غصے سے روتے ہوئے کہا

یار وہ میرے دوست کی وائف ہے ابھی ریسینٹلی شادی ہوئی ہے ان کی اس نے مجھے فولو کیا میں نے فولو بیک نہیں کیا تو اس نے میسج کیا بھائی فولو بیک ہی کر دیں بھائی بلاتی ہے مجھے یہ دیکھ لو اس نے اس کے میسیجز کا اسکرین شاٹ دکھاتے ہوئے کہا

اچھا ٹھیک ہے اب مجھے کوئی الہام تھوڑی ہو گا کہ کون ہے وہ اس نے اپنی حالت چھپانے کی کوشش کی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پاگل ہو بلکل وہ ہنسنے لگا

Posted On Kitab Nagri

ہاں تو خود کیا کرتے ہو اگر کبھی کسی کا میسج آجائے مجھے تو خود کتنی سناتے ہو اس نے الٹا اس پر غصہ کرتے ہوئے کہا

اچھا چڑیل😂

دفعہ ہو جاؤ تم ہر وقت بس مجھے تنگ کرتے رہنا وہ روتی شکل بناتے ہوئے بولی

وہ ہنستا رہا

ایک بات بتائیں آپ کیا مجھے تنگ کرنے کے لئے پیدا ہوئے ہیں؟ اور کوئی کام نہیں آپ کو

اس نے غصہ ختم کر کے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

ہاں نہ بلکل وہ اسے تنگ کرنے کے لیے بولا

بد تمیز بندر اس نے منہ بگاڑا

عشاء مینٹل چڑیل😂

وہ اور تنگ کرنے لگا

تم مینٹل جن بندر کہیں کے وہ چڑتے ہوئے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ان کی زندگی کی وہ رات بھی خوبصورتی سے گر گئی پر کون جانے کہ ان کی خوشیوں کی عمر کتنی لمبی ہے

Posted On Kitab Nagri

وقت اپنی رفتار سے بڑھتا جارہا تھا بھلا وقت بھی کبھی کسی کے لیے رکا ہے سردی نے بھی خوب زور پکڑا ہوا تھا دسمبر ختم ہونے کو تھا مگر دھند پہلے سے بھی بڑھتی جارہی تھی

بائیک چلاتے وقت دھیان نہ رہا اور ایان کا ایکسیڈنٹ ہو گیا جب عشاء کو پتا چلا تو رونے لگی بھلا اس سے کہاں برداشت ہوتا تھا کہ اس کے بھالو کو کبھی کوئی تکلیف ہو

زیادہ چوٹیں لگی ہیں؟ وہ دوتے ہوئے پوچھنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گھٹنے پر لگی ہے اور کمر پر بھی لگی ہے اس کی وجہ سے سیدھا لیٹا بھی نہیں جارہا وہ اسے اپنی حالت بتانے لگا

بہت درد ہو رہا ہو گا نہ اس کے آنسوں رکنے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے

ہاں بہت ہو رہا برداشت نہیں ہو رہا

Posted On Kitab Nagri

میڈیسن لے لو نہ پہلے کچھ کھا کر اور پھر آرام کرنا اپنا خیال رکھنا میں صبح بات کروں گی آپ آرام کر لو

وہ اس کی فکر کرتے ہوئے بولی ورنہ اس حال میں اسے اکیلا چھوڑنے کا کہاں اس کا دل تھا پر اس کے لئے آرام کرنا بھی ضروری تھا نہ

تین چار دن ایسے ہی گزر گئے وہ روز اس کی خیریت معلوم کرتی اور اپنا خیال رکھنے کی تلقین کرتی

وہ انسٹا استعمال کر رہی تھی کہ اس کی نظر ایان کی اسٹوری پر پڑی اس نے کافی سیڈ اسٹوری لگائی تھی اسے لگا شاید وہ اداس ہے تبھی فوراً اسے میسج کیا پر وہ آنلائن ہونے کے باوجود کافی دیر بعد اسے ریپلائے کرتا عشاء سے کہاں اسکی اگنورنس برداشت ہوتی تھی وہ دل برداشتہ ہو گئی

Posted On Kitab Nagri

سنو کیا تم کسی اور بات پر پریشان ہو میرا مطلب کسی اور کی وجہ سے اداس ہو تو مجھ سے شئیر کر سکتے ہو جس وجہ سے تم آنلائن ہو کر بھی مجھ سے صحیح طرح بات نہیں کر رہے اور اسٹوری بھی کافی سیڈ لگائی ہے

کافی دیر اسکے ریپلائے کا انتظار کر کے جب وہ آنلائن ہونے لگی تو اس کا میسج آیا

میری یہاں درد سے جان نکل رہی ہے مجھ سے صحیح طرح سے لیٹا نہیں جا رہا میسج ٹائپ نہیں ہو رہا اور تم یہ کہہ رہی ہو اس نے شاید برا مان لیا تھا

میرا وہ مطلب نہیں تھا آئم سوری اچھا تم آرام کر لو میں صبح میسج کر لوں گی اس نے اس کی تکلیف کا احساس کرتے ہوئے کہا

ٹھیک ہے کل بات کریں گے اللہ حافظ

Posted On Kitab Nagri

اللہ حافظ

اگلے دن بھی اس کا کوئی میسج نہیں آیا اس نے کیا پر جواب نہیں آیا اس لیے اس نے اس کو دوبارا تنگ نہیں کیا دو دن ایسے ہی گزر گئے وہ اگنور کئے جانے پر کافی غصہ تھی تو اسے میسج کرنے لگی

تم سمجھتے کیا ہو خود کو جب دل کرتا ہے بات کرلیتے ہو جب دل کرتا ہے اگنور کرتے ہو آج تم بتا ہی دو تم چاہتے کیا ہو وہ آگ بگولہ ہوتے کہنے لگی

یار سوری نہ وہ نانی امی آئی ہوئی ان کی طبیعت کافی خراب تو انہی کو ہاسپٹل وغیرہ لے جانا اس لیے بزی تھا بات نہیں کرسکا ابھی بھی ادھر ہی جا رہا

اچھا ٹھیک ہے

Posted On Kitab Nagri

آئی تھی بے چاری غصہ کرنے 😂😂وہ پھر اس کو تنگ کرنے لگا

اچھا وہ منہ بسورنے لگی

ایسے ہی دن گزرتے رہے اور وقت کے ساتھ ساتھ سب کچھ جیسے بدل رہا تھا

سب بہت اچھا چل رہا تھا پھر پتا نہیں ان کی خوشیوں کو کس کی نظر لگ گئی دو محبت کرنے والوں کا شاید بچھڑنے کا وقت آ گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایان اچانک کافی بدل گیا تھا پہلے کی طرح بات کرنا اہمیت دینا اس نے کم کر دیا تھا اور عشاء سے اس کی ناراضگی برداشت نہیں ہوتی تھی تو پھر اس کا بدل جانا کیسے برداشت کرتی

Posted On Kitab Nagri

ایان کی مسلسل اگنورنس نے عشاء کو بہت پریشان کر دیا تھا اور اوپر سے گھر والوں کا نہ ماننا اس نے اپنی خالہ سے بات کرنے کا فیصلہ کیا عشاء کی سب سے چھوٹی خالہ اس کی امی سے کافی کلوز تھیں تو اس نے اپنی خالہ سے بات کی اس کی خالہ نے ماما سے بات کرنے کا وعدہ کیا مگر یہ بھی کہا کہ ان کو منانا بہت مشکل ہے تمہاری شادی کی بات ہے کوئی عام سی بات نہیں کہ وہ فوراً مان جائیں مگر اس کو اس بات کی تسلی تھی کہ خالہ ماما سے بات کریں گی

تم مجھے اتنے دنوں سے اگنور کیوں کر رہے ہو تمہارے بات نہ کرنے پر میں تم سے ناراض تھی مگر مجھے منانا تو دور ایک میسج تک نہیں کیا تم نے

عشاء کا میسج پڑھ کر اس نے پھر جواب دیئے بغیر ایسے ہی موبائل رکھ دیا

تمہیں پتا ہے میں نے خالہ سے بات کر لی ہے وہ ماما کو منالیں گی ایک بار ماما مان جائیں تو پاپا بھی مان ہی جائیں گے اس نے خوشی سے اسے بتایا

تم ان کو منع کر دو وہ بات نہ کریں ایان نے اسے غصے سے کہا

کیوں منا کروں اتنی مشکل سے تو میں نے ان کو منایا ہے 💔 اس نے اداس ہوتے ہوئے کہا

Posted On Kitab Nagri

جو میں کہہ رہاہوں وہ کرو منع کروان کو ہماری شادی نہیں ہو سکتی میں نے گھر میں بات کی تھی پر کوئی نہیں مانا میں نے بہت کہا پر یہاں کوئی نہیں سن رہا میری

ایسے کیسے نہیں مانے تم تو کہتے تھے تم سب کو منالو گے پھر اب کیا ہوا

تم مجھے کال کرو پھر بات کرتے

میں گھر پر سب کے سامنے کیسے کال کروں

سائیڈ پر ہو کر کرلو

ٹھیک ہے میں چھت پر جاکر کرتی ہوں

اس نے چھت پر جاکر فوراً اسے کال کی

تایا ابو نے اپنی بیٹی کے لیے بات کی تھی میں منع کر دیا تو ابو غصے میں آگئے بہت لڑائی ہوئی ہے ابو سے میری

تم مجھے چھوڑ کر باہر نہیں جاسکتے

میں نے سب کر کے دیکھ لیا ہے میں نے یہ بھی کہا میں چھپ کر نکاح کرلوں گا اس سے پر انہوں نے کہا پھر تم ہمارے لیے مر جاؤ گے میں نے گھر چھوڑ دیا ہے اور بہت جلد ان سب سے دور چلا جاؤں گا

Posted On Kitab Nagri

میرا نہیں سوچا تم نے میں کیسے رہوں گی کیا کروں گی میں اور بس سب چھوڑ کر ابیروڈ جا رہے ہو تمہارا ہی سوچ کر سب کیا پر کوئی نہیں مان رہا پہلے میں نے سوچا تھا تمہیں بتائے بغیر چلا جاؤں گا وہ تو تم نے خالہ سے بات کرنے کا بتایا تو تمہیں بتا دیا

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

تم ایسے کیسے چلے جاتے تم کوشش تو کرو تھوڑا مشکل ہے پر وہ مان جائیں گے امید تو مت چھوڑو

ماننا ہوتا تو اب تک مان جاتے

معجزے بھی تو ہوتے ہیں تم اتنی جلدی ہار کیسے مان سکتے ہو

معجزہ ہونا ہوتا تو ہو چکا ہوتا اب کچھ نہیں ہو گا

میں اپنی آخری امید نہیں چھوڑوں گی اور نہ ہی تمہیں چھوڑنے دوں گی وہ مسلسل رو رو کر اس سے کہہ رہی تھی

دیکھو عاشی پلیز رونا بند کرو

تم مجھے چھوڑ کر جا رہے ہو اور یہ بھی چاہتے ہو کہ میں روؤں بھی نہ

رونے سے خود کو اور مجھے تکلیف دے رہی ہو میری بات کو سمجھو پلیز میں جو کر سکتا تھا میں نے کیا ہے

اب میں اور کیا کروں تم ہی بتاؤ

تم باہر مت جاؤ پلیز ہم مل کر منا لیں گے نہ سب کو

یہاں رہ کر کیا کروں میرے لیے یہاں رہنا بہت مشکل ہے سکون نہیں ملتا یہاں مجھے

Posted On Kitab Nagri

وہاں جا کر تمہیں سکون کیسے ملے گا

وہاں جا کر ان سب چیزوں سے تو دور ہو جاؤں گا نہ

اور میرا کیا ہو گا یہ سوچا ہے تم نے

ہاں تم مجھ سے ایک وعدہ کرو

کیسا وعدہ؟ میں تم سے کوئی وعدہ نہیں کرنے والی تم بس کہیں نہیں جاؤ گے

میں جو اتنی دیر سے تمہیں میری بات سمجھ میں نہیں آتی؟

ہاں نہیں آتی نہ ہی مجھے کچھ بھی سمجھنا ہے

یار عاشی کیوں میرے لیے یہ سب کچھ اور مشکل بنا رہی ہو

تو تم مت جاؤ

تع یہاں رہ کر کیا کروں میں بتاؤ مجھے

سب ٹھیک ہو جائے گا تم امید تو نہ چھوڑو

کچھ بھی ٹھیک نہیں ہو گا اب بس تم مجھ سے وعدہ کرو میرے جانے کے بعد تم اپنے ساتھ کچھ غلط نہیں کرو گی اور انکل آنٹی کی مرضی سے شادی کر لو گی؟

Posted On Kitab Nagri

میں ایسا کوئی وعدہ نہیں کرنے والی

تمہیں میری قسم ہے تم یہ وعدہ کرو اور رونا مت دوبارا یہ سوچ کر کہ تمہارا رونا مجھے تکلیف دے گا

یہ کیسی محبت ہے تمہاری مجھے کسی اور کا ہونے کا کہہ رہے ہو اور چاہتے ہو میں روؤں بھی نہ میں خود کو کوئی نقصان نہ بھی پہنچاؤں پر تمہارے دور جانے سے میں پہلے کی طرح نہیں رہوں گی

بس اس وعدے کو یاد رکھنا ہمیشہ اور آج آخری بار ہماری بات ہو رہی ہے اپنا خیال رکھنا

تم خوش رہ لوگے میرے بغیر؟

خوش رہنے کا چھوڑو خوش رہنا ضروری نہیں ہوتا

اپنا خیال رکھنا ہمیشہ اور خوش خوش رہنا

تم میرے ساتھ اچھا نہیں کر رہے بہت پچھتاؤ گے تم دیکھ لینا ایک گھنٹہ کال پر اسے کنوینس کرنے کے بعد بھی جب وہ اسے منا نہ سکی تو نہ جانے کتنی ہی دیر وہ گھٹنوں میں سر دے کر وہ اپنی بے بسی پر روتی رہی کئی دن ایسے ہی گزر گئے نہ وہ کسی سے بات کرتی تھی نہ ٹھیک سے کچھ کھاتی تھی بس اپنی تکلیف سہہ کر دن بدن کمزور ہوتی جا رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

اس نے کبھی سوچا بھی نہ تھا کہ جس سے وہ عشق کرتی ہے جس پر اسے اندھا اعتبار تھا جو شخص اس کا مان تھا وہ اس طرح کبھی اس سے منہ پھیر لے گا کہ اس کے آنسو بھی اسے جانے سے روک نہیں پائیں گے اپنی ماما سے اس نے بہت لڑائی کی کہ آپ لوگوں کی اور اسکے گھر والوں کی وجہ سے جا رہا ہے وہ آپ کو اور ان لوگوں کو اپنی انا اپنی ذات اور غیرت پیاری ہے ہمارے سے زیادہ خوش ہو جائیں جا رہا ہے وہ ہمیشہ کے لیے

اس نے یونیورسٹی جانا چھوڑ دیا تھا اس کی ماما اور خالہ اسے بہت سمجھاتی تھیں کہ جانے دو اسے بھول جاؤ اپنی زندگی کو خراب مت کرو اس ایک کی وجہ سے اللہ تمہارے نصیب اچھے کرے تمہیں اس سے بھی بہتر ملے گا

لوگ اپنے بچوں کی پسند ان کی محبت کو اپنی انا، ذات اور غیرت کی بھینٹ چڑھا کر انہیں خوش رہنے اور بہتر مل جانے کی دعا کیوں دیتے ہیں وہ کیوں نہیں سمجھ پاتے کہ بات بہتر یا بہترین کی نہیں ہوتی بات تو محبت کی ہوتی ہے محبت نہ ملے تو انسان مرتا نہیں ہے لیکن یقین جانیں اس انسان کے اندر سے جینے کی خواہش ختم ہو جاتی ہے انسان تب نہیں مرتا جب اس کی سانسیں رک جاتی ہیں بلکہ انسان تب مرتا

Posted On Kitab Nagri

ہے جب اس کی محبت اس سے چھین لی جائے تو پل پل وہ موت کی اذیت سے گزرتا ہے ایسے شخص کی سانسیں تو چل رہی ہوتی ہیں مگر اندر سے وہ ختم ہو جاتا ہے

آنٹی عشاء کہاں ہے کل سے نظر ہی نہیں آئی وہ کمرے میں اپنے دکھ پر ماتم کر رہی تھی جب باہر سے اسے ماہی کی آواز آئی

کمرے میں لیٹی ہے کل سے بخار میں تپ رہی ہے نہ کچھ کھا رہی ہے تم ہی سمجھاؤ اسے کچھ کھائے گی نہیں تو میڈیسن کیسے لے گی ایسے تو بخار نہیں اترے گا

ٹھیک ہے آنٹی میں دیکھتی ہوں اس چڑیل کو ہر دوسرے دن بیمار ہو کر بستر پر پڑ جاتی ہے کام سے بچنے کے بہانے بناتی ہے بس 😂

Posted On Kitab Nagri

ماما بھی ماہی کی بات سن کر ہنسنے لگیں

ہاں جی میڈم صاحبہ کیا بیمار ہونے کے بہانے بنائے ہوئے ہیں تم نے ماہی اندر آ کر اسے کہنے لگی عشاء کی سرخ ڈوروں والی آنکھیں اور زرد رنگت دیکھ کر اس کی ہنسی کو بریک لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عاشی یہ تم نے ایک دن میں اپنی کیا حالت بنالی ہے کل اچھی بھلی میں تمہیں گھر چھوڑ کر گئ تھی اور ابھی بتاؤ مجھے کیا ہوا ہے اور تم روئی کیوں ہو رو رو کر اپنی آنکھیں سوجالی ہیں

Posted On Kitab Nagri

وہ ماہی کے گلے لگ کر بچوں کی طرح رونے لگی عاشی یار کیا ہوا ہے کچھ تو بتاؤاور پلیز اس طرح رونا بند کرو آنٹی آجائیں گی

ماہی وہ جارہاہے وہ مجھے ہمیشہ کے لیے چھوڑ کر جارہاہے اس نے میرے بارے میں ایک بار بھی نہیں سوچامیں اس کے بغیر کیسے رہوں گی وہ کیوں جارہاہے اسے کہو نہ یار مجھے چھوڑ کر نہ جائے مجھے درد ہو رہا ہے وہ بچوں کی طرح بلک بلک کر رو رہی تھی رونے کی وجہ سے اس کی سانسیں اکھڑنے لگیں اس کو پہلے ہی سانس کا مسئلہ تھااور اس طرح رونے سے اس کی حالت اور خراب ہو رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

یار عاشی پہلے رونا بند کرو پلیز دیکھو اس طرح تمہیں سانس لینے میں تکلیف ہو رہی ہے ریلیکس ہو جاؤ اور پھر مجھے بتاؤ کہاں جا رہا ہے وہ جو تم نے اپنی یہ حالت بنالی ہے

اس کی فیملی نہیں مان رہی ماہی اس لئے وہ ہمیشہ کے لیے ایبروڈ جا رہا وہ کہتا ہے کہ اسے یہاں سکون نہیں مل رہا اس لیے وہ چلا جائے گا پھر کبھی واپس نہیں آئے گا

تو وہ منائے نہ یار لڑکا ہو کر کیوں نہیں منا پا رہا وہ چاہتا تو سب کو منالیتا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نہیں ماہی اس نے بہت کوشش کی ہے میں جانتی ہوں اس کی فیملی کو وہ لوگ نہیں مانے ہوں گے اس نے سب کر کے دیکھ لیا ہے کوئی نہیں مان رہا لیکن یار وہ ایسے سب چھوڑ کر تو نہ جائے اللہ سے امید رکھے سب ٹھیک ہو جائے گا لیکن وہ تو مایوس ہو کر جا رہا ہے اسے کہو نہ ماہی نہ جائے میں نہیں رہ سکتی اس کے بغیر مجھے درد ہو رہا ہے وہ نہ جائے نہ اسے کہو ماہی پلیز

کہاں درد ہو رہا ہے مجھے بتاؤ کہاں درد ہے ماہی نے اس کی آنکھوں میں تکلیف کو دیکھتے ہوئے پوچھا

Posted On Kitab Nagri

یہاں اس نے اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر کہا

دیکھو عاشی تم پریشان مت ہو میں کروں گی اس سے بات لیکن مجھ سے وعدہ کرو پہلے اپنا خیال رکھو گی اپنی حالت دیکھو اتنی بیمار لگ رہی ہو

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں تم اس سے پہلے بات کرو نہ پلیز

Posted On Kitab Nagri

اچھا ٹھیک ہے میں کروں گی بات اب رونا بند کرو ورنہ سانس لینے میں تکلیف ہو گی پتا بھی ہے ناک پہلے ہی بند ہے تمہارا اتنی مشکل سے سانس لیتی ہو پھر رونے بیٹھ جاتی ہو جو منہ سے تھوڑا بہت سانس آتا ہے وہ بھی بند کر لیتی ہو رو رو کر

مجھے لگ رہا ہے ماہی وہ مجھ سے دور گیا تو میں مر جاؤں گی وہ مجھے نہ ملا تو جی نہیں پاؤں گی میں اس کا خیال مجھے جینے نہیں دے گا ماہی

اس کی باتیں سن کر ماہی بہت پریشان ہو گئ تھی اب اس نے ایان کو سمجھانے کا فیصلہ کر لیا تھا اسے یقین تھا کہ وہ اس کی بات نہیں مانے گا لیکن اس نے اپنی جان سے پیاری دوست کے لیے ایک کوشش ضرور کرنی تھی

آپ نے اس کی حالت نہیں دیکھی وہ بہت تکلیف میں ہے پلیز اس کے ساتھ تو کم از کم رہ سکتے ہو وقت آنے پر شاید آپ دونوں کی فیملیز کو ترس آجائے اور وہ مان جائیں

Posted On Kitab Nagri

ماہی نے ایان کو سمجھانے کی کوشش کی

مجھے بتاؤ میں کیا کروں میں نے سب کر کے دیکھ لیا ہے کوئی نہیں مان رہا اب میں اور کیا کروں؟

ایان نے بے بسی سے کہا

جب سے آپ نے اسے کہا ہے آپ سب چھوڑ کر ابیر وڈ جا رہے ہو اس نے اپنی حالت خراب کر لی ہے ہر وقت روتی رہتی ہے آپ کو پتا ہے اس کو سانس لینے میں پہلے تکلیف ہوتی ہے اس طرح تو وہ اپنی حالت بہت خراب کر لے گی

میں کیا کروں یار وہ میری بات سمجھنے کو تیار ہی نہیں ہے وہ سنتی ہی نہیں ہے بس اپنی ضد پر اڑی ہوئی ہے

ایک بار اس سے بات کر لیں پلیز شاید اس کی حالت تھوڑی بہتر ہو جائے

ٹھیک ہے میں کروں گا اس سے بات

اوکے میں بتا دوں گی اسے

ماہی کے بات کرنے کے بعد وہ کافی پریشان ہو گیا تھا ایک طرف سب کا نہ ماننا اور دوسری طرف وہ لڑکی جس سے اسے عشق تھا وہ اسے تکلیف میں نہیں دیکھ سکتا تھا خود اسے تکلیف دینا تو بہت دور کی

Posted On Kitab Nagri

بات تھی لیکن وہ کیا کرتا وہ بھی تو مجبور تھا اگر وہ اس سے خود کو دور نہ کرتا تو وہ کیسے موو آن کرے گی بس اسی وجہ سے وہ اسے اگنور کرنے لگا تھا اس کو بے رخی دکھانے لگا تھا کہ شاید اس طرح وہ اسے برا سمجھ کر آگے بڑھ جائے اسے فرق نہیں پڑتا تھا کہ وہ اس بے وفا سمجھے یا جو وہ بس چاہتا تھا وہ اسے بھول کر آگے بڑھ جائے جہاں بھی رہے اپنی زندگی میں ہمیشہ خوش رہے اس کی خاطر اپنی زندگی برباد نہ کرے اس کا کیا ہے اس نے تو سوچ لیا تھا سب سے دور ایبروڈ چلا جائے گا اور پھر کبھی واپس نہیں آئے گا لیکن وہ سمجھنے کو تیار ہی نہ تھی بس ایک ہی بات کی ضد کر رہی تھی کہ اسے بس اس کا ساتھ چاہیئے وہ اسے چھوڑ کر نہ جائے قصور تو عشاء کا بھی نہیں تھا وہ بھی اپنے دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر اپنی حالت ایسی بنا بیٹھی تھی محبت چھین جانے کی تکلیف انسان کو ختم ہی تو کر دیتی ہے 💔

ورنہ کون چاہتا ہے خود کو برباد کرنا

دیکھو عاشی پلیز سمجھنے کی کوشش کرو میرے لیے یہ سب اور مشکل مت بناؤ میں بھی بہت تکلیف میں ہوں کسی سے کچھ کہتا نہیں ہوں پر میری زندگی سے سکون ختم ہو چکا ہے ہم دونوں جانتے ہیں ہم سب کر کے دیکھ چکے ہیں لیکن کوئی نہیں مان رہا نہ ہی اب کوئی مانے گا ہمارا اب ایک ساتھ کوئی فیوچر نہیں ہے تم کیوں نہیں سمجھ رہی خود کو اور مجھے کیوں تکلیف دے رہی ہو

Kitab Nagri www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں کیا کروں مجھ سے نہیں رہا جا رہا میں نہیں جی سکتی تمہارے بغیر پھر میں کیسے موو آن کر لوں مجھ سے نہیں ہو گا

وقت کے ساتھ ہو جائے گا کوشش تو کرو

تم بتاؤ تم کیسے کرو گے موو آن تم خوش رہ لو گے الگ ہو کر

خوش رہنے کی اب کوئی اہمیت نہیں ہے موو آن نہیں کر رہا میں بس یہاں سے ہمیشہ کے لیے جانا چاہتا ہوں

خود موو آن نہیں کرو گے خوشی بھی اب تمہارے لیے اہم نہیں ہے پھر مجھے کیوں کہہ رہے ہو کہ میں موو آن کروں خوش رہوں

تم نے جو وعدہ کیا ہے میرے ساتھ اسے مت بھولنا

بہت برے ہو تم میں توڑوں گی وہ وعدہ اب میرا تم سے وعدہ ہے میں خود کو برباد کروں گی نہیں رہنا مجھے تمہارے بغیر خوش

اسلام علیکم!

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Kitab Nagri

www.kitabnagri.com

اب تم مجھ سے کیا وعدہ توڑ کر یہ وعدہ کر رہی ہو

تم نہیں میری بات مان رہے تو میں کیوں مانوں

ایسی ہی باتوں سے نفرت پیدا ہوتی ہے

اب تم مجھ سے نفرت کرو گے؟

Posted On Kitab Nagri

اچھا اپنا خیال رکھنا اور دوبارا ہماری بات نہیں ہو گی اس لیے خود کے ساتھ کچھ مت کرنا خوش رہنا خوش نہیں رہنا اب مجھے تمہارے بغیر تم جاؤ دور تم نے جہاں جانا ہے جاؤ اللہ حافظ اللہ حافظ

تین مہینے کیسے ان حالات میں گزر گئے پتا نہیں چلا لیکن وقت کی تیزی بھی ان زخموں کو نہیں بھر سکی جو محبت سے ملے تھے لوگ کہتے ہیں کہ وقت کے ساتھ ساتھ ہر زخم بھر جاتا ہے انسان اپنا ہر درد بھول جاتا ہے لیکن ایسا نہیں ہوتا وقت کے ساتھ انسان اپنے درد کے ساتھ جینا سیکھ جاتا ہے درد کم نہیں ہوتا بلکہ اور بڑھ جاتا ہے بس انسان خاموش ہو جاتا ہے وہ اپنے درد اپنے تک محدود کر لیتا ہے وہ سب کے سامنے خوش رہنے کا دکھاوا تو کرتا ہے مگر اپنے اندر ہی دکھوں سے لڑائی لڑ رہا ہوتا ہے

کسی بھی تعلق کے ٹوٹنے سے پہلے اس تعلق اور جس کے ساتھ وہ تعلق ہو اس شخص پر سے ہمارا مان ٹوٹتا ہے اور جب مان ٹوٹتا ہے تو پھر انسان بلکل خاموش ہو جاتا ہے اپنے سبھی گلے شکوے ختم کر دیتا ہے کیونکہ مان ہر کسی پر تو نہیں کیا جاتا نہ اور جن پر ہوتا ہے اگر وہ اسے توڑ دیں تو پھر پیچھے کچھ نہیں بچتا عشاء کی کہانی بھی کچھ ایسی ہی تھی اسے سب سے زیادہ مان جس شخص پر تھا وہ اسے چھوڑ کر جا چکا تھا بے شک ایان نے بے وفائی نہیں کی تھی وقت اور حالات نے ان دونوں کو دور کیا تھا لیکن دل کہاں ان

Posted On Kitab Nagri

باتوں کو سمجھتا ہے وقت نے عشاء کو بہت خاموش کر دیا تھا پچھلے تین مہینوں نے اس کے اندر بہت سی تبدیلیاں پیدا کی تھیں بیمار تو وہ پہلے ہی رہتی تھی وقت کے ساتھ اس کی بیماری اور بڑھتی جا رہی تھی لیکن جو چیز اس نے سیکھی تھی وہ یہ کہ ہم جتنا انسانوں کے پیچھے بھاگتے ہیں وہ اتنی ہی ہمیں اذیت دیتے ہیں انسانوں سے محبت کی بھیک نہیں مانگنی چاہیے کیونکہ دنیا میں سب سے بری بھیک محبت کی بھیک ہوتی ہے انسان سوائے ذلت اور تکلیف کے اور کچھ نہیں دے سکتا اسے بھی تو بس ذلت اور تکلیف ہی ملی تھی سب سے کتنا لڑی وہ اپنی محبت کے لیے لیکن کوئی بھی اس کی محبت کو نہیں سمجھا سب بس اسے بھول کر آگے بڑھ جانے کا مشورہ دیتے تھے پر ایک بار محبت ہو جائے تو کہاں انسان اسے بھولنے کے قابل رہتا ہے کوئی نہیں سمجھتا سب سمجھتے تھے کہ اس کی کسی اور سے شادی ہو جانے کے بعد وہ خود پہلے کی طرح ٹھیک ہو جائے گی پر ان کو یہ کون سمجھائے کہ شادی کہیں اور ہو جانے سے انسان نہ تو محبت کو کبھی دل سے نکال پاتا ہے اور نہ ہی اس کی تکلیف کم ہوتی ہے بلکہ اس کی تکلیف اور بڑھ جاتی ہے وہ کسی کے ساتھ رہتے ہوئے بھی کسی اور کو سوچتا ہے اسے یاد کر کے پل پل تڑپتا ہے پر لوگوں کو کون سمجھائے جس کی تکلیف ہے بس وہی سمجھ سکتا ہے عشاء نے لوگوں سے کہنا چھوڑا تو اس نے خود کو اس ذات کے ساتھ جوڑ لیا جو تقدیریں بدلنے پر قادر ہے وہ اپنے دل کی ہر بات اب صرف اپنے اللہ سے

Posted On Kitab Nagri

کہتی تھی وقت کے ساتھ ساتھ اپنے رب کا یقین اس کے دل میں اس قدر بھر گیا کہ لوگوں کی تلخ باتیں بھی اس کو مایوس نہیں ہونے دیتی تھیں کیونکہ وہ جانتی تھی جس سے اس نے مانگنا شروع کیا ہے وہ معجزے کرتا ہے بس اسی بات کا یقین تھا اسے کہ اس کے مانگنے کی شدت اللہ تعالیٰ کو راضی کرلے گی اسے اپنا نصیب بنوانے پر

اور جو لوگ دنیا کو چھوڑ کر اللہ کو راضی کرنے کے لیے جینا سیکھ جاتے ہیں نہ اور صرف اسی ذات پر یقین رکھتے ہیں تو پھر وہ پاک ذات ان کو مایوس نہیں ہونے دیتی خود پر کیا جانے والا ان کا یقین ٹوٹنے نہیں دیتی لوگ آج بھی بہت کوشش کرتے تھے اسے بھول جانے پر مجبور کرنے کے لیے لیکن وہ سب کی باتیں خاموشی سے سن لیتی اس نے لوگوں کے سامنے کچھ بھی کہنا اور رونا چھوڑ دیا تھا کیونکہ وہ اپنے دل کی باتیں اپنے رب سے کرتی تھی کبھی رونے کا دل کرتا تو صرف اسی پاک ذات کے سامنے روتی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسے اب صبر کے ساتھ اللہ کے کن کا انتظار تھا اس کے کن کے آگے تو کسی کی نہیں چلتی تھی وہ لڑکی جو پانچ وقت کی نماز بھی پابندی سے نہیں پڑھ پاتی تھی آج وہ تہجد کی پابند ہو گئی تھی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اسے خود سے قریب کر لیا تھا شاید اللہ کو اس کا مانگنا اتنا پسند آگیا تھا کہ وہ اسے بس مانگتے دیکھنا چاہتے

Posted On Kitab Nagri

تھے عشاء نے مکمل پردہ کرنا شروع کر دیا تھا وہ کوشش کرتی تھی کہ بس وہ اللہ کے قریبی بندوں میں شامل ہو جائے جو لوگ کہتے ہیں نہ محبت کرنا گناہ ہے یہ ان کے لیے جاننا بہت ضروری ہے کہ محبت گناہ نہیں ہے یہ ایک بہت ہی پاک جزبہ ہے یہ انسان کو برے سے اچھا بننے پر مجبور کر دیتی بس کوشش کرنی چاہیے کہ اپنی محبت کو گناہ نہ بننے دیں عشاء نے بھی محبت میں بہت غلطیاں کیں لیکن اپنی غلطیوں کا احساس ہونے پر اس نے سچے دل سے توبہ کی اور اپنا ہر معاملہ اپنے رب پر چھوڑ دیا اور اس کے رب کو اس کی توبہ پسند آئی تبھی تو اسے صرف اپنی ذات سے مانگنے کا پابند کر دیا

کیا بات ہے آج کل بہت مطمئن اور خوش نظر آرہی ہو ماہی اس کے گھر آئی تو اسے پر سکون دیکھ کر پوچھے بنا نہ رہ سکی

ہاں الحمدللہ میں خوش ہوں کیونکہ میں نے اپنا ہر معاملہ جس کے سپرد کیا ہے وہ مجھے مایوس نہیں ہونے دیگا اور جو میں اس سے مانگ رہی ہوں اگر اس ذات نے مجھے وہ نہ دینا ہوتا تو کبھی مجھے تہجد کا رستہ نہ دکھاتا

بے شک اللہ تو سب کچھ کر سکتے ہیں

انشاللہ وہ ایک دن ہمیں محرم بنا کر ملوائیں گے مجھے بس صبر کے ساتھ انتظار کرنا ہے صحیح وقت کا

Posted On Kitab Nagri

انشاللہ انشاللہ تمہیں وہ ضرور ملے گا جس کی تم نے اللہ سے امید باندھی ہے

انشاللہ آمین

اچھا ہوا تم نے خود کو سنبھال لیا اور سب اللہ پر چھوڑ دیا

ہاں لوگوں سے مانگ مانگ کر تھک گئی تبھی تو اس ذات نے مجھے سنبھالا ہے

ہاں صحیح کہا پتا ہے ماہی مجھے پہلے دن سے لے کر آج تک کا ایک ایک لمحہ ایک ایک پل یاد ہے اور دیکھو آج چھ سال دو ماہ اور انیس دن ہو گئے ہمارے ساتھ کو ایسا لگتا صدیوں سے جانتی ہوں میں اس کی ایک ایک بات دل اور دماغ میں بسی ہوئی ہے

تمہاری باتیں سن سن کر اب تو مجھے بھی تم دونوں کی باتیں رٹی پڑی ہیں😂

ماہی اور عشاء کھکھلا کر ماہی کی بات پر ہنسیں آج اپنی دوست کو ایک عرصے کے بعد اتنا خوش دیکھ کر ماہی نے دل سے دعا کی تھی کہ جو امید اس نے اللہ سے لگائی ہے وہ کبھی نہ ٹوٹے

کتنا خوبصورت چاند ہے نہ اور اس چاند کو دیکھ کر آنے والی یادیں بھی اتنی ہی خوبصورت ہوتی ہیں وہ چاند کو دیکھنے میں اتنی مگن تھی کہ اسے پتا ہی نہ چلا کب وہ ماضی کی حسین یادوں میں چلی گئی

ماضی:

Posted On Kitab Nagri

عشاء کے پاپا آرمی میں جاب کرتے تھے اس لیے وہ ہر کچھ سال بعد پوسٹنگ کی وجہ سے کسی دوسرے شہر منتقل ہو جاتے 31 اکتوبر 2017 کو کراچی سے عشاء کی فیملی ملتان جانے کے لئے ٹرین پر روانہ ہوئی عشاء کو ٹرین پر سفر کرنا بہت ہی زیادہ پسند تھا عشاء سب سے بڑی تھی اس سے چھوٹے اس کے دو بھائی تھے جو ٹوینز تھے چونکہ عشاء سب سے بڑی تھی اور اکلوتی بیٹی ہونے کہ ساتھ ساتھ وہ اپنے ننھیال اور ددھیال میں سب کزنز میں سب سے بڑی تھی تو اس وجہ سے سب کی بہت زیادہ لاڈلی تھی بچپن سے لے کر آج تک اس کی ہر بات پوری ہوتی آئی کبھی اسے کسی بھی بات سے انکار سننے کو نہیں ملا اور ایک یہی وجہ تھی کہ وہ بہت ضدی تھی اپنی ہر بات منوانا اپنا حق سمجھتی تھی شئیرنگ تو اسے ہرگز پسند نہیں تھی کوئی بہن نہیں تھی نہ اس لیے شئیرنگ کرنے کی عادت نہیں تھی وہ اس وقت نویں کلاس کی سٹوڈنٹ تھی اور کے دونوں بھائی ہشتم کلاس میں تھے اس بات سے انجان کہ ملتان جا کر اس کی زندگی ایک نیا موڑ لینے والی ہے وہ اپنی فیملی کے ساتھ ٹرین کا سفر انجوائے کر رہی تھی

عشاء کا اور اس کے بھائیوں کا ایڈمیشن پروسیس ابھی چل رہا تھا لیکن عشاء کے پری بورڈ ہونے والا تھا تو اسے تیاری سٹارٹ کرنی تھی عشاء کے ساتھ والے گھر میں اس سے ایک سال چھوٹی منتھا رہتی تھی منتھا کے پاپا اور عشاء کے پاپا آرمی میں ہونے کی وجہ سے کافی عرصے سے ایک دوسرے کو جانتے تھے

Posted On Kitab Nagri

اس طرح ان کی آپس میں کافی گہری دوستی بھی تھی فیملی فرینڈز ہونے کی وجہ سے عشاء اور منتھا کی دوستی بھی کافی گہری ہو گئی تھی منتھا اور اسکا چھوٹا بھائی کسی آپی کے پاس ٹیوشن پڑھنے جاتے تھے تو عشاء اور اس کے ایک بھائی نے بھی وہیں 21 نومبر کو ٹیوشن اسٹارٹ کر لی کینٹ میں اکیڈمی نہیں ہوتی تو اسی وجہ سے بچے گھروں میں ٹیوشن پڑھتے تھے ملتان شفٹ ہونے کے تین ہفتوں کے بعد عشاء لوگوں نے ٹیوشن جوائن کی اور عشاء کا ایک بھائی مدرسے چلا گیا قرآن حفظ کے لیے

دن تیزی سے گزر رہے تھے بورڈ کے پیپرز بھی قریب ہی تھے عشاء کو ٹیوشن جوائن کیے چار ماہ ہونے والے تھے

ٹیوشن میں ایان سے آمنا سامنا تو ہر روز ہی ہوتا تھا کیونکہ ایان کی آپی ٹیوشن پڑھاتی تھی کبھی کبھی وہ بھی سب کے ساتھ بیٹھ کر پڑھ لیتا تھا پہلے کبھی ایک دوسرے کو نہیں دیکھا نہ کبھی بات کی لیکن نا جانے اس دن اچانک ایسا کیا ہوا کہ عشاء کی نظر ایان پر پڑی تو وہ نظر ہٹانا ہی بھول گئی

عشاء کتنا رہ گیا تمہارا؟ منتھا نے عشاء سے پوچھا پر عشاء تو کہیں اور ہی کھوئی ہوئی تھی منتھا نے عشاء کی نظروں کے تعاقب میں دیکھا تو اس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ آ گئی جہان ایان کسی بچے کے پاس گھٹنوں کے بل بیٹھا باتیں کرتا مسکرا رہا تھا اور عشاء میڈم ان کو دیکھنے میں مصروف ہیں

Posted On Kitab Nagri

منتھا نے چٹکی کاٹ کر عشاء کو ہوش دلایا کہاں کھوئی ہوئی تھی آپ میڈم ذرا بتانا پسند کریں گی آپ

کہیں نہیں میں نے کہاں کھونا عشاء نے گڑبڑا کر جواب دیا

مجھ سے چھپاؤ گی اب دیکھ تو میں نے سب لیا ہے اب خود سے بتاتی ہو یا میں بتاؤں

کیا دیکھ لیا ہے تم نے ؟ اسے لگا اس کی چوری پکڑی گئی

یہ جو اتنے پیار سے دیکھا جا رہا تھا ادھر منتھا نے اشارہ کر کے بتایا

وہ میں اس بچے کو دیکھ رہی تھی بس

جھوٹی بچے کو دیکھ رہی تھی یا بچے کے ساتھ باتیں کرنے والے کو

کیا اول فول بولی جا رہی ہو لڑکی ایسا کچھ نہیں ہے

ٹھیک ہے مت بتاؤ میں جا رہی گھر اکیلے آنا تم اور مجھ سے آئندہ بات بھی مت کرنا منتھا ناراض ہو کر کہنے لگی

اچھا بتاتی ہوں منہ مت پھلاؤ

ہاں چلو بتاؤ شاباش

وہ پتا نہیں سمجھ نہیں آرہا یار اچانک اس پر نظر پڑی تو آج بلکل الگ لگ رہا

Posted On Kitab Nagri

اوہو مطلب اچھا لگ رہا

پتا نہیں چل اس کو بتا دے آج وہ تمہیں اچھا لگ رہا

دماغ ٹھیک ہے میں اسے کیوں بتاؤں بھلا اور ایسا کچھ نہیں ہے

میں کچھ نہیں سننے والی یہ لو پیپر اور اس پر لکھو کہ آج وہ کتنا اچھا لگ رہا

اس پر لکھ کر کیا کرنا لکھو تو سہی

پر یار کیا کرو گی

لکھو تو سہی پھر بتاتی ہوں

You are looking so handsome in this haircut. You are looking so cute❤

ہاں اب ٹھیک ہے دو مجھے

پر تم اس کا کرو گی کیا

بعد میں بتاؤں گی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مغرب کی اذان ہوئی تو سب بچے چلے گئے آپی بھی اندر روم میں گئیں تو باہر صرف منتھا اور عشاء رہ گئی

سامنے ایان کا بیگ ٹیبل پر پڑا ہوا تھا منتھا اس کے بیگ کی طرف بڑھ کر وہ لیٹر اس میں ڈالنے لگی

تم پاگل ہو اس کے بیگ میں کیوں ڈال رہی ہو عشاء چیخی

میں نے اسی لیے تو لکھوایا تھا

منتھا کوئی دیکھ لے گا یار

کوئی نہیں دیکھے گا

اور اگر اس نے آپی کو بتا دیا

وہ اتنا پاگل نہیں جو آپی کو دکھائے اور اسے پتا ہی نہیں چلنا کس نے ڈالا یہ دیکھتے اسے پتا چلتا ہے یا نہیں

یار مجھے ڈر لگ رہا

کچھ نہیں ہو گا ڈرو مت

وہ دونوں گھر چلی گئیں مگر ساری رات عشاء یہی سوچتی رہی کہ اس نے دیکھ کر آپی کو نہ بتا دیا ہو اگلے

دن سکول میں بھی وہ اسی بارے میں سوچتی رہی

Posted On Kitab Nagri

تم آج ٹیوشن کیوں نہیں جا رہی 2 دن بعد تمہارا پہلا پیپر ہے نہ اور تم طبیعت خراب ہونے کے بہانے بنا کر چھٹی کر رہی ہو مجھے پتا بلکل ٹھیک ہو تم ڈر کی وجہ سے نہیں جا رہی منتھا اسے ٹیوشن کے لیے بلانے آئی تو اس کی ماما نے بتایا کہ عشاء کی طبیعت خراب ہے وہ کہہ رہی آج نہیں جانا تو وہ کمرے میں اس کی خبر لینے آ پہنچی

جب تمہیں پتا ہے تو پھر کیوں کہہ رہی آج نہیں جا رہی میں پکا کل جاؤں گی آج سچ میں مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے

یار عشاء اسے نہیں پتا چلے گا کہ تم نے لکھا ہے چلو اب چپ کر کے

اچھا ٹھیک ہے رکو میں بیگ لے کر آتی ہوں

وہ اپنا بیگ لیکر آئی تو دونوں ٹیوشن کے لیے چل پڑی آپی کے گھر اور عشاء منتھا کے گھروں میں صرف ایک بلڈنگ کا فاصلہ تھا تو 2 سے 3 منٹ میں وہ دونوں پہنچ گئیں

یار مجھے ابھی بھی بہت ڈر لگ رہا ہے

کچھ نہیں ہو گا بس آج تم نہ اس کی طرف بلکل مت دیکھنا صرف اپنے پیپر کی تیاری پر دھیان دینا دیکھنا اسے نہیں پتا چلے گا کہ وہ تم نے لکھا تھا

Posted On Kitab Nagri

اچھا عشاء پریشانی سے اندر کی طرف بڑھ گئی پورا ٹائم اس نے ٹیوشن میں نظر اٹھا کر کسی بھی طرف دیکھنے کی غلطی نہیں کی تھی پورا ٹائم وہ پیپر کی تیاری کرتی رہی اگر کچھ سمجھ میں نہ آتا تو آپی سے پوچھ لیتی ورنہ پورا ٹائم چپ رہی

سب بچے جب چلے گئے تو وہ بھی جانے لگیں

یار مجھے یاد آیا مجھے نہ ایک ٹاپک سمجھنا ہے آپی سے چلو اندر آپی کے پاس چلیں

اچھا چلو

وہ دونوں کمرے میں گئی تو عشاء کو دوسری کتاب لینے کے لیے باہر صحن میں آنا پڑا وہ بک لے کر اندر کی طرف مڑی ہی تھی کہ سامنے ایان کھڑا تھا اسے سمجھ نہیں آیا وہ یہاں کب آیا گھبراہٹ سے اس کی ہتھیلیاں پسینے میں بھیگ رہی تھیں

اسکا لکھا ہوا لیٹر سامنے کرتے ہوئے ایان نے پوچھا عشاء یہ آپ نے لکھا ہے

ڈر کے مارے عشاء سے نظر اٹھانا مشکل ہو رہا تھا اور منہ سے لفظ بھی نہیں نکل رہے تھے اس لیے سر ہاں میں ہلا کر وہ اندر کی طرف بھاگی

جلدی جلدی کام مکمل کر کے وہ منتہا کو لیکر گھر کے لیے نکل گئی

Posted On Kitab Nagri

تم جب باہر سے آئی تو اتنا گھبرائی ہوئی کیوں تھی؟منتھا نے تفتیش کرنے کے انداز میں پوچھا

ان کو پتا چل گیا وہ میں نے لکھا تھا

کیا؟کیسے ؟ تمہیں کس نے کہا☹

جب میں اندر کمرے میں واپس آرہی تھی تو سامنے آکر کھڑے ہو گئے اور پوچھنے لگے یہ آپ نے لکھا

اور تم نے کیا کہا؟

کیا کہتی ڈر کے مارے میرے سے بولا بھی نہیں جا رہا تھا بس ہاں میں سر ہل گیا اور بھاگ آئی میں اندر

اوہ ایان بھائی کو پتا کیسے چلا کہیں پہلے سے ہی تو ان کی نظر تم پر نہیں تھی

مجھے کیا پتا میرے ڈرنے پر سائل بھی کر رہے تھے وہ اس نے منہ بناتے ہوئے کہا☹

مطلب ان کے دل میں بھی کچھ کچھ ہے

مجھے نہیں پتا دماغ نہیں کھاؤ میرا پہلے مجھے ڈر لگ رہا

کچھ نہیں ہوگا میری جھلی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اگلے دن ٹیوشن میں کچھ بھی ایسا نہیں ہوا جس سے عشاء ڈر رہی تھی اس لیے وہ پر سکون ہو گئی گھر واپس آکر اس نے اپنا بیگ کھولا تو اس میں گفٹ پڑے دیکھ کر حیران رہ گئی بھاگتے ہوئے منتھا کو بلا کر لائی اور اسے دکھایا

اس میں پرفیوم، Love Locket

اور ایک چھوٹا سا کارڈ تھا پرفیوم کی بیک پر پین سے

S لکھا ہوا تھا

اور کارڈ پر کچھ اس طرح لکھا تھا

Will you be my friend?

دیکھا میں نے سچ کہا تھا وہ تمہیں لائک کرتے ہیں منتھا نے خوش ہوتے ہوئے کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عشاء نے مسکرا کر کندھے اچکائے

اب جواب کیا دو گی تم؟

کیا دوں سمجھ نہیں آرہا عشاء نے کنفیوژ ہوتے ہوئے کہا☹

ہاں کرو گی تم بس میں بتا رہی ہوں تمہیں

Posted On Kitab Nagri

اچھا دیکھتے ہیں

لکھو جواب کارڈ پر ابھی

اچھا کیا لکھوں

جو دل کرے

اوکے

اس نے کارڈ پر لکھی لائن کے نیچے

Yes لکھ دیا

اب یہ ان کو دوں گی کیسے

جیسے انہوں نے دیا

میں ان کے بیگ میں رکھوں یہ؟

بلکل

پر اگر کسی نے دیکھ لیا تو

کچھ نہیں ہو گا مت ڈرو یار

Posted On Kitab Nagri

اچھا

اگلے دن عشاء نے ہمت کر کے وہ کارڈ ایان کے بیگ میں رکھ دیا

باہر بارش کی وجہ سے وہ لوگ ڈرائنگ روم میں بیٹھے پڑھ رہے تھے جب عشاء کی نظر اپنے بیگ پر لگی کی چین پر پڑی کی چین ہارٹ شیپ کی تھی جس پر ایک لائن لکھی ہوئی تھی

I Love You A

اس نے فوراً منتھا کو دکھائی

یار یہ دیکھو یہ میرے بیگ پر کس نے لگائی اور کب لگائی

منتھا خود حیران تھی ایان بھائی نے لگائی ہو گی یقیناً پر لگائی کب

اتنے میں ایان ڈرائنگ روم میں آیا تو عشاء نے اشارے سے پوچھا یہ آپ نے لگائی؟

تو ایان نے مسکرا کر ہاں میں سر ہلایا

زندگی ایسے ہی خوبصورتی سے گزر رہی تھی وہ دونوں لیٹر پر ایک دوسرے سے بات کرتے تھے

Posted On Kitab Nagri

عشاء کا پہلا پیپر تھا ابھی رکشے کے آنے میں وقت تھا تبھی گھر کے باہر کرکٹ کھیلتے بچوں کے ساتھ کرکٹ کھیلنے لگی کہ پتا نہیں اچانک سے ایان کہاں سے آگیا وہ وہیں بیٹ رکھ کر گھر کے اندر بھاگ گئی

پیپرز اچھے ہو رہے تھے

لیٹر دینے اور لینے میں اتنا ٹائم لگ جاتا ہے کیا ہم موبائل پر بات نہیں کر سکتے ؟ ایان نے لیٹر میں لکھا

اگلے دن عشاء نے جواب میں لیٹر میں کہا

میں موبائل استعمال نہیں کرتی اچانک استعمال کرنے لگ گئی تو گھر والے پوچھیں گے نہ 

تم میرے لیے اتنا تو کر سکتی ہو پلیز اگر ممکن ہوا تو اس نمبر پر کال کرنا

رات کو عشاء نے بہت ہمت کر کے ایان کو کال کی ایک دوسرے کے ساتھ بات کرتے ہوئے وقت کا پتا ہی نہیں چلا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دن تیزی سے گزر رہے تھے پیپرز ختم ہو گئے مگر ان دونوں کے جذبات ایک دوسرے کے لئے بڑھتے جا رہے تھے پیپرز ختم ہونے کے کچھ ہی دنوں بعد عشاء کو اچانک بہت درد شروع ہوا اور اسے رات کو 1 بجے سی ایم ایچ ایڈمٹ کر لیا ان دنوں ایان اپنے گاؤں ماموں کی شادی پر گیا ہوا تھا اس نے ایان کو میسج کیا

Posted On Kitab Nagri

مجھے سی ایم ایچ والوں نے ایڈمٹ کر لیا ہے

میسج سینڈ ہوتے ہی فوراً ایان کی کال آنے لگی

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

www.kitabnagri.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

اسلام و علیکم

و علیکم السلام

کیا ہوا ہے آپ کو سی ایم ایچ کیوں ہو

اپینڈیکس کی پین ہو رہی تھی تو انہوں نے ایڈمٹ کر لیا

اب کیسی ہو درد کم ہوا یا نہیں؟

ڈرپ لگی ہے ابھی درد کم ہے پہلے سے

اپنا خیال رکھا کرو نہ

آپ نے میسج دیکھتے ہی فوراً کال کیوں کر لی اگر ماما کال اٹھا لیتیں تو؟

تو کیا میں ان کو کہہ دیتا میری عشاء سے بات کروا دیں

اچھا جی اتنی ہمت ہے آپ میں؟

ہاں بلکل ہے ویسے آنٹی ہیں کہاں ابھی؟

ماما نرس سے بات کرنے گئی ہیں

Posted On Kitab Nagri

اچھا تم آرام کرو میں کل ولیمہ ختم ہوتے ہی واپس آؤں گا اور سیدھا اسٹیشن سے سی ایم ایچ آؤں گا تمہیں دیکھنے

پر سب تو وہیں ہوں گے آپ اکیلے آکر کیسے رہیں گے ؟

رہ لوں گا بس تمہیں دیکھنا ہے میں نے اب سو جاؤ کل شام تک آجاؤں گا میں اپنا خیال رکھنا تب تک اللہ حافظ

آپ بھی اپنا خیال رکھنا اللہ حافظ

رات کو ڈرپ ہاتھ ہلنے کی وجہ سے نکل جانے پر اسکا لیفٹ بازو ہاتھ اور سائیڈ سے چہرہ بلکل سوجھ گیا تھا اور رنگ بھی زرد ہو رہا تھا ڈاکٹرز نے ٹیسٹ کروانے کے لیے کھانا پینا بلکل بند کیا ہوا تھا ایک ڈرپ ختم ہوتی تو دوسری لگا دیتے ایک ہی رات میں وہ کافی کمزور لگ رہی تھی

شام کا وقت تھا وارڈ میں ویزٹینگ ٹائم ختم ہو چکا تھا اس لیے ایان اسے دور سے ہی دیکھ کر واپس چلا گیا گھر جا کر اس نے عشاء کو کال کی

میں کچھ دنوں کے لیے دور گیا تو تم نے اپنی کیا حالت بنالی ہے ؟

میں نے بنائی ہے کیا خود ہی ہو گئی ہے

Posted On Kitab Nagri

تم نے ٹینشن جو اتنی لی ہے تو بیمار تو ہونا ہی تھا

میں بہت ڈر گئی تھی جب ماما نے آپ سے بات کرتے ہوئے سن لیا تھا

تو تم ان کو بتا دیتی نہ میں ہوں جب وہ اتنا فورس کر رہی تھیں تھپڑ تو نہ مارتی تمہیں

تا کہ آپ کو آکر باتیں سناتیں؟

تو کچھ نہیں ہوتا میں سن لیتا

میں ایسا نہیں چاہتی اس لیے نہیں بتایا پتا ہے جب انہوں نے موبائل چھین لیا تھا مجھے لگا اب کبھی آپ سے بات نہیں ہو گی

اسی لیے رات کو میں نے کال کروائی تھی کزن سے تا کہ تم سے بات ہو سکے تمہاری خیریت جاننے کے لیے

ہاں ماما نے جب موبائل دیا تو کہتیں تمہاری دوست ماہ نور کی کال ہے جب میں بولی تو آگے سے آپ تھے ویسے آپ نے ماہ نور ہی کیوں بلوایا؟

تم نے بتایا تھا نہ تمہاری ایک ماہ نور فرینڈ ہے سکول میں بس اسی لیے

😂ہاہاہا اچھا

Posted On Kitab Nagri

مجھ سے ملنے نہیں آؤ گے سی ایم ایچ؟سب ملنے آرہے ہے آپ نہیں آئے

ہاں آؤں گا پر وارڈ کے باہر آنا پڑے گا تمہیں آجاؤ گی؟

ہاں میں آؤں گی رات کو صرف دادو ہوتی میرے پاس ماما پاپا رات کو مل کر چلے جاتے تب آنا

اوکے آؤں گا آج پر بتاؤ کیا کھاؤ گی کیا لاؤں تمہارے لیے؟

مجھے کچھ نہیں چاہیے بس آپ آجانا

نہیں میں نہیں آؤں گا ایسے پھر

پلیز نہ کچھ نہیں چاہیے مجھے آپ آجانا

میں نہیں آؤں گا جب تک بتاؤ گی نہیں

اچھا ٹھیک ہے کچھ بھی لے آنا پر آجانا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بتاؤ نہ کیا کھانا تم نے وہی لے آؤں گا

آئسکریم لے آنا اب خوش ہو؟

ہاں چلو ٹھیک ہے رات کو ملتے آرام کرو اور اپنا خیال رکھنا

اوکے اللہ حافظ

Posted On Kitab Nagri

اللہ حافظ

پورا دن ایان کا انتظار کرتے ہی گزر گیا عشاء کے پاپا کے دوست اور ان کی وائف عشاء کی خیریت معلوم کرنے کے لیے آتے رہے اس کی دوست منتہا اور اس کی فیملی بھی اس سے ملنے آئی شام ہوتے ہی وہ ایان کی راہ تکنے لگی جب رات کو اس کی ماما اور پاپا اسے دیکھ کر گھر چلے گئے تو ایان اس سے ملنے وارڈ کے باہر آ گیا

کیسی ہو؟ وہ اسے پیار سے دیکھتے ہوئے بولا

آپ کے سامنے ہوں ہاتھ پر کنولا لگا ہوا ہے ابھی ڈرپ ختم ہوئی تھی تو باہر آ گئ

ٹھیک ہو جاؤ گی جلری اور گھر واپس بھی آ جاؤ گی فکر مت کرو

ہمم

www.kitabnagri.com

یہ لو ایک تمہاری اور دوسری دادو کی

دادو کو شوگر ہے وہ نہیں کھائیں گی یہ آپ کھا لیں

کھولو اور کھاؤ نہ تم

آپ بھی کھو لیں

Posted On Kitab Nagri

اچھا پہلے تم کھولو

وہ دونوں آئسکریم کھا رہے تھے کہ وہاں اچانک گارڈ آگیا وہ وہاں پر موجود سبھی لوگوں کو جانے کی ہدایت کرتا ہوا ان کی طرف بھی آیا

ملاقات کا ٹائم ختم ہو گیا آپ لوگ بھی جائیں اب

اس کو آئسکریم دینے آیا تھا بس جا رہا ہوں میں

کون ہے یہ؟

بہن ہے ایان نے گھبراہٹ میں کہا

اچھا چلو ٹھیک ہے پھر جاؤ اب

عشاء اپنی ہنسی روکتی ہوئی اللہ حافظ کہہ کر اندر چلی گئی اور ایان بھی وہاں سے واپس آگیا

اگلے دن عشاء کے پیرنٹس کو ڈاکٹر نے اس کا آپریشن کرنے کے بارے میں کہا تو وہ کسی صورت ماننے کو تیار نہیں تھی تبھی مجبوراً منتھا کو یہ بات ایان سے کرنی پڑی کیونکہ وہ جانتی تھی کہ عشاء ایان کی ہر بات مان لیتی ہے

آپریشن کے لئے کیوں نہیں مان رہی؟

Posted On Kitab Nagri

مجھے ڈر لگتا ہے اور درد کتنا ہو گا

ایک بار درد سہہ لو بار بار کے درد سے تو جان چھوٹ جائے گی نہ اور ڈر کیوں رہی ہو ہم سب ہیں نہ تمہارے ساتھ کچھ نہیں ہو گا فکر مت کرو

پر مجھے درد ہو گا

ٹھیک ہو جاؤ گی نہ اس کے بعد ہمیشہ کے لیے

ہاں لیکن

لیکن ویکن کچھ نہیں آپ مان جاؤ

اچھا ٹھیک ہے

اگلے دن عشاء کا اپینڈیکس آپریٹ تھا پورا دن وہ وہ بلکل چپ رہی ایک عجیب سا ڈر اس کے دل میں بیٹھا ہوا تھا سب نے اسے بہت سمجھایا مگر وہ گم سم سی رہی

آپریشن تھیٹر میں وہ ویٹنگ روم میں بیٹھی تھی اس کے پاپا باہر انتظار کر رہے تھے ویٹنگ روم کے اندر مردوں کا جانا منا تھا تھوڑی دیر بعد اس کی اور منتھا کی ماما آگئیں اس کو تسلیاں دیتی رہیں مگر ڈر کہاں ختم ہوتا ہے تسلیوں سے

Posted On Kitab Nagri

1 بجے اسے آپریشن تھیٹر کے اندر لے جایا گیا اس کے مختلف ٹیسٹ کرنے کے بعد آپریشن کیا گیا شام کے 4 بجے اسے درد کے احساس سے تھوڑا تھوڑا ہوش آیا تازہ زخم کا درد کہاں برداشت ہوتا ہے

آپریشن کے تین دن بعد اسے ڈسچارج کر دیا گیا

آنٹی لوگوں کو میں چھوڑنے آیا تھا سی ایم ایچ

آپ اندر کیوں نہیں آئے

کیسے آتا تمہارے پاپا بھی باہر ہی کھڑے تھے اندر صرف لیڈیز کو جانے دے رہے تھے

اچھا

کیسی ہو اب زیادہ درد تو نہیں ہے؟

بہت درد ہے نہ میں بیٹھ سکتی ہوں نہ کروٹ کے بل لیٹ سکتی ہوں ہر وقت سیدھے لیٹ لیٹ کر کمر دکھتی ہے اب میرے

تو آرام کرنا بھی تو ضروری ہے نہ ٹھیک ہو جاؤ گی جلری انشاء اللہ

پتا نہیں کب اس نے برا سا منہ بنایا

Posted On Kitab Nagri

عشاء میڈیسن سے بہت بھاگتی تھی میڈیسن نہ کھانے کی وجہ سے گرمی میں اس کا زخم کافی زیادہ بڑھ گیا تھا تقریباً دو ماہ بیڈ ریسٹ پر رہی اور روزانہ بینڈ یج چینج کروانے جانا پڑتا تھا

ایک دوسرے کے ساتھ وقت اچھا گزرتے پتا ہی نہیں چلتا تھا جب ایان کے ابو ریٹائر ہوئے تو ان لوگوں نے کینٹ سے باہر شفٹ ہونا تھا جس وجہ سے ٹیوشن بھی ختم ہو جانا تھا ایسے میں عشاء کی سکول کی دوست نے اکیڈمی جوائن کرنی تھی تو اس کی امی نے عشاء کی امی سے بھی بات کی کہ دونوں کا ساتھ ہو جائے گا مگر عشاء نے یہ بات سنتے ہی رونا شروع کر دیا اس کی ماما نے آپی لوگوں سے بات کی مگر اس نے ایان کے گھر جانا بھی چھوڑ دیا تھا کہ وہ سب مل کر اسے اکیڈمی کے لیے فورس کریں گے عشاء کو لگتا تھا اگر اس نے ٹیوشن چھوڑ دی اور ایان لوگ باہر شفٹ ہو گئے تو ایان ہمیشہ کے لیے اس سے دور ہو جائے گا وہ اسے روز دیکھ نہیں پائے گی بات نہیں کر پائے گی لیکن جب ایان کو اس بات کا پتا چلا کہ وہ اکیڈمی نہیں جانا چاہتی تو اس نے اس سے بات کی

اکیڈمی جانے کے لئے کیوں نہیں مان رہی؟

ویسے ہی میرا دل نہیں

ٹیوشن نہیں چھوڑنا چاہتی میری وجہ سے؟

Posted On Kitab Nagri

میں آپ کی وجہ سے ایسا کیوں کروں گی میں بس آپی کے پاس پڑھنا چاہتی کسی اکیڈمی نہیں جانا مجھے

اچھا لیکن ہم لوگ باہر چلے جائیں گے پھر کیا کرو گی

میں وہاں آجاؤں گی روز

لیکن یہ تو مشکل ہے نہ عاشی روز کیسے آیا جایا کرو گی مان جاؤ نہ بات تمہاری بھلائی کے لیے ہی سب کہہ رہے ہیں

مجھے نہیں جانا اور مجھے فورس مت کریں

اچھا ٹھیک ہے

سب کے منانے پر وہ مان ہی گئی لیکن وہ ڈر آج بھی اس کے دل میں تھا کہ ایان اس سے دور ہو جائے گا

اس نے ایان سے یہ تو کہہ دیا تھا کہ وہ اس کی وجہ سے نہیں بلکہ آپی کی وجہ سے ٹیوشن نہیں چھوڑنا چاہتی

لیکن اسکا دل جانتا تھا کہ وہ ایان سے دور جانے سے ہی تو ڈرتی تھی پر یہ بات ابھی کہنے کی اس میں ہمت نہیں تھی

Posted On Kitab Nagri

وقت کہاں کسی کے لیے رکتا ہے بس تیزی سے بڑھتا جاتا ہے ان کا وقت بھی ایسے ہی گزر رہا تھا ایان لوگ باہر شفٹ ہو گئے تھے مگر وہ اپنی عاشی سے وعدہ کر کہ گیا تھا کہ وہ روز اس سے ملنے آیا کرے گا

اور ایسا ہی ہوتا تھا اکیڈمی سے واپسی پر وہ اس کا روزانہ اس کے گھر کے پاس انتظار کیا کرتا تھا

عشاء کی دوست منتھا بھی اسے چھوڑ کر باہر شفٹ ہو گئی تھی اب وہ اکیلی ہی رہ گئی تھی عشاء کی بلڈنگ میں ایک لڑکا رہتا تھا جو اسی اکیڈمی میں پڑھتا تھا جہاں عشاء جاتی تھی وہ عشاء اور ایان کے بارے میں جاننے کے بعد اسے بہت تنگ کرتا تھا ہمیشہ اسے ایان کے خلاف کرنے کی کوشش کرتا تھا اس کے سامنے ایان کو برا بھلا بنا کر اسے اس سے بد ظن کرنے کی کوشش کرتا تھا لیکن عشاء کہاں اپنے ایان کے خلاف کسی کی بری باتیں برداشت کر سکتی تھی وہ اسے اس کی ہر بات کا منہ توڑ جواب دیتی تھی لیکن وہ پھر بھی اسے تنگ کرنے سے باز نہ آیا تو اس نے ایان کو بتا دیا

وہ اکیڈمی سے واپس آئی تو ایان پہلے کی طرح آج بھی اس کا انتظار کر رہا تھا آج ایان نے اس لڑکے سے بات کرنی تھی

آنے والا ہو گا وہ اب اکیڈمی سے دوست کو کہا ہے وہ جیسے ہی آیا بتا دے گا

تم میرے ساتھ چلو گی میں بات کروں گا لیکن تم میرے ساتھ چلو گی ٹھیک ہے؟

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے

تبھی تھوڑی دیر بعد ایان کے دوست کی کال آئی کہ وہ آگیا ہے

آرہا ہے وہ اسی طرف گھبرانہ مت میں ہوں نہ تمہارے ساتھ

ٹھیک ہے

تبھی سامنے سے وہ لڑکا آتا دکھائی دیا ایان نے مضبوطی سے عشاء کا ہاتھ تھام لیا اور اسے اپنے ساتھ لے گیا

تمہارا مسئلہ کیا ہے تم کیوں عشاء کو تنگ کرتے ہو؟

تم کون ہوتے ہو پوچھنے والے

تبھی عشاء نے دوسرے ہاتھ سے ایان کا بازو پکڑ لیا شاید یہ ساجد کی بات کا جواب تھا جو اس نے ایان سے کہی وہ اسے بتانا چاہتی تھی کہ وہ شخص اس کے لئے کیا معنی رکھتا ہے

میں جو بھی ہوں تمہیں بہت اچھے سے سمجھ آجائے گا اس لیے بہتر تمہارے لیے یہی ہے کہ آئندہ عشاء سے دور رہنا

Posted On Kitab Nagri

وہ اسے بہت کچھ باور کرواتا ہوا عشاء کو وہاں سے لے گیا عشاء اپنے گھر چلی گئی تو وہ بھی دوست کے ساتھ واپس چلا گیا

اس کے بعد بھی ساجد اپنی حرکتوں سے باز نہ آیا جب عشاء کو ایان کے خلاف نہ کر سکا تو ایان کو عشاء کے خلاف کوششیں شروع کر دیں اس نے عشاء کے بیگ سے ایان کی دی ہوئی کیچپینز اتار لی اور ایان کو دکھا کر اسے یہ احساس دلانے کی کوشش کی کہ عشاء کی نظر میں اس کی اور اس سے جڑی کسی بھی چیز کی کوئی اہمیت نہیں ہے تبھی اس کے دیے گفٹ اس نے پھینک دیئے ہیں یہاں سے عشاء اور ایان کے درمیان غلط فہمیاں پیدا ہونی شروع ہوئیں ساجد نے اکیڈمی والی میم کے موبائل سے کسی طرح عشاء کا نمبر نکال کر اسے میسج کر کے پریشان کرنا شروع کر دیا

تم اپنی حرکتوں سے باز آ جاؤ تم کچھ بھی کر لو مجھے اس کے خلاف نہیں کر سکتے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم نہ سہی وہ تع ہو ہی جائے گا

اپنی بکواس بند کرو تمہیں لگتا ہے کہ تم اسے مجھ سے بد ظن کر دو گے تو یہ تمہاری بھول ہے وہ مجھے کبھی غلط نہیں سمجھ سکتا اسے خود سے زیادہ مجھ پر بھروسہ ہے

یہ تو تمہیں خود ہی پتا چل جائے گا کہ اسے تم پر کتنا بھروسہ ہے

Posted On Kitab Nagri

اگر میں نے تمہاری گھٹیا حرکتوں کا ایان کو بتا دیا تو وہ تمہارا منہ توڑ دے گا اگر میں اسے کچھ نہیں بتا رہی تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ تم سے ڈرتی ہوں یا تمہیں بچانا چاہتی اس سے میں اسے اس لیے نہیں بتا رہی کیونکہ مجھے اس کے غصے کا پتہ ہے وہ تمہارے ساتھ بہت برا کرے گا اور میں اسے کسی بھی مشکل میں نہیں ڈالنا چاہتی

دیکھتے ہیں کیا کر سکتا وہ

اس نے جو کہا تھا وہ کرتا گیا وہ ایان کو عشاء سے بد ظن کرنے میں کامیاب ہوتا گیا

ایان اور عشاء میں لڑائیاں بڑھتی جا رہی تھی پہلے کی طرح وہ نہ روز بات کرتے تھے اور نہ ہی ایک دوسرے کو دیکھ پاتے تھے

عشاء کے میٹرک کے پیپرز ہو چکے تھے اب وہ اکیڈمی بھی نہیں جاتی تھی مگر ایان اور اس کی لڑائیاں ختم ہونے کا نام ہی نہیں لیتیں تھی کافی دنوں بعد اسے ایان کا میسج آیا

اس نے اور ایان نے کوڈ رکھا تھا کہ اگر کوئی اور میسج کرے تو پتا چل سکے

کسی انجان نمبر سے ایان کا میسج دیکھ کر وہ پریشان ہو گئی تھی

Posted On Kitab Nagri

میں ایان ہوں میرا موبائل گم ہو گیا ہے تو دوست کے نمبر سے میسج کیا ہے ملنے آسکتی ہو پارک میں ؟

میں کینٹ آیا ہوں

میں کیسے آؤں آپ کو پتا ہے اب تو اکیڈمی بھی ختم ہو گئی ہے

کچھ کر کے آجاؤ پلیز

میں نہیں آسکتی

اوکے ٹھیک ہے اللہ حافظ

دل تو اس کا بھی بہت تھا ملنے کو اتنے دنوں سے اس نے نہ ایان کو دیکھا تھا نہ ہی بات ہوئی تھی اس کی پھپھو لوگ ان کے پاس آئے ہوئے تھے تبھی اس نے پھپھو سے کہا پارک چلیں تو وہ مان گئیں

اس نے فوراً اسی نمبر پر میسج کیا پر یہاں اس سے یہ غلطی ہو گئی کہ انجان نمبر پر میسج کر کے کوڈ پوچھ کر کنفرم کرنا بھول گئی کہ ایان ہی کے پاس موبائل ہے ابھی بھی یا نہیں

آپ جانا مت میں آرہی ہوں پارک

اوکے آجاؤ میں ویٹ کر رہا

وہ پارک میں گئی تو اس نے ایان کو میسج کیا میں آگئی ہوں آپ کہاں ہیں؟

Posted On Kitab Nagri

دراصل میں نے تمہیں اپنے ایک دوست سے ملوانا تھا اس لئے بلایا تمہیں

کیا مطلب ہے آپ کا؟ آپ کب سے ایسے بن گئے کہ دوستوں سے ملوانے کے لیے بلایا مجھے

میں تو تمہاری لائف سے جا رہا میرا دوست بہت اچھا ہے وہ خوش رکھے گا تمہیں اسی لیے تمہیں ملوانا

مجھے نہیں ملنا کسی سے آپ نے جانا ہے آپ جائیں مگر مجھے کسی کی ضرورت نہیں

اوکے مرضی

اللہ حافظ

اللہ حافظ

اس کے لئے اس بات پر یقین کرنا بہت مشکل تھا کہ ایان تو اس پر کسی کی نظر برداشت نہیں کر پاتا تھا

پھر وہ اچانک اپنے دوست سے ملوانا چاہتا اس کا دل کہہ رہا تھا وہ ایسا نہیں کر سکتا لیکن وہ سب کیا تھا اس

نے سوچ لیا تھا جب ایان اسے اپنے نمبر میسج کرے گا وہ اس سے بات کلیئر کرے گی اور ایسا ہی ہوا جب

اس کی ایان سے بات ہوئی تو اس نے بتایا وہ اس کے منع کرنے کے فوراً بعد ہی وہاں سے چلا گیا تھا

تو اسے یقین ہو گیا تھا کہ وہ گھٹیا حرکت کسی لڑکے نے ہی کی تھی

Posted On Kitab Nagri

اس طرح کئی لوگ آئے جو ان دونوں کو ایک دوسرے سے الگ کرنے کے لیے جلن اور حسد انسان کو کسی بھی حد تک گرنے کے لیے مجبور کر دیتی ہے

عشاء کی ایک دوست اس کے موبائل سے اپنے دوست سے کبھی کبھی بات کرتی تھی اس کے کئے میسیجز کو بھی عشاء کے خلاف استعمال کیا گیا ایان کو اس کے خلاف کرنے کے لئے وہ سب جانتی تھی لیکن کبھی ایان سے کچھ نہیں کہتی کیوں کہ وہ ایان کو کسی پرابلم میں نہیں ڈالنا چاہتی تھی وہ نہیں چاہتی تھی ایان اس کے لئے کسی سے لڑے وہ ایک بار اس کے لئے ایک لڑکے سے لڑ چکا تھا اس لئے وہ اس کے غصے سے ڈرتی تھی اور اسے یقین بھی تھا کہ وہ اس کو کبھی غلط نہیں سمجھ سکتا تھا لیکن وہ اس بات سے انجان تھی کہ لوگ جب غلط فہمی ڈالنے میں کامیاب ہو جائیں تو بہت پرانے تعلقات بھی ٹوٹ جاتے ہیں اسی طرح ان دونوں کے درمیان بھی غلط فہمیوں نے جگہ بنالی تھی وہ دونوں ہی غلط نہیں تھے لیکن وہ دونوں ایک دوسرے کو غلط سمجھنے لگے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پھر ایک ایسا وقت جب عشاء کو لگا اس نے اپنے ایان کو ہمیشہ کے لیے کھو دیا اس رات کینٹ میں ٹروپے شو تھا عشاء بھی اپنی فیملی کے ساتھ گئی تھی وہاں ایان کے دوستوں نے عشاء کو دیکھا تو اسے بھی آنے

Posted On Kitab Nagri

کے لیے مجبور کرنے لگے تو ایان نے عشاء سے کنفرم کرنے کے لیے اسے میسج کیا مگر وہ فیملی کے ساتھ تھی تو اس نے اس وقت میسج نہیں دیکھا

ایان وہاں آگیا عشاء آگے والی لائن میں بیٹھی تھی تبھی اسے پیچھے سے ایان کی آواز آئی وہ اس کی ماما سے بات کر رہا تھا اسے وہاں ایان کو دیکھ کر خوشی تو بہت ہوئی تھی مگر وہ اور ایان ایک دوسرے سے ناراض تھے تو وہ بظاہر اسے اگنور کرنے لگی مگر اس کا مکمل دھیان اسی کی طرف تھا تبھی پیچھے سے کوئی کنکر اسے لگا تب اسے پتا چلا ایان اسے اپنی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کر رہا تھا تھوڑی دیر بعد ایان اسی کی لائن میں دو سیٹیں چھوڑ کر اس کے برابر میں آبیٹھا اور اپنے دوست کی آڑ میں بیٹھ کر اسے دیکھنے لگا عشاء نے اس کی یہ حرکت دیکھی تو اسے بہت خوشی ہوئی کہ ناراضگی چاہے جتنی بھی ہو اس کا پیار کبھی اس کے لئے کم نہیں ہو سکتا تبھی اس کی ماما نے اسے بلایا تو وہ پیچھے جا کر ان کے ساتھ بیٹھ گئی وہاں سے وہ آسانی سے ایان کو دیکھ سکتی تھی پیچھے جا کر بیٹھنے کے تھوڑی ہی دیر بعد ایان وہاں سے اٹھ کر چلا گیا بیک سائیڈ پر کھانے کی چیزوں کے اسٹال لگے وہ بھی اسی سائیڈ گیا مگر واپس نہیں آیا کتنی ہی دیر عشاء اس کا انتظار کرتی رہی مگر وہ نہ لوٹا تو تھوڑی دیر بعد وہ فیملی کے ساتھ گھر واپس آگئی

گھر جا کر اس نے ایان کا میسج دیکھا تو جواب دیا

Posted On Kitab Nagri

سوری میں نے موبائل ابھی دیکھا تو ریپلائی کیا

کوئی بات نہیں میں نے بس کنفرم کرنا تھا تم شو پر گئی ہو یا نہیں دوست کہہ رہے تھے تم آئی ہو

اچھا ٹھیک ہے

آنا پڑا مجھے پھر وہ فورس کر رہے تھے

دیکھا تھا میں نے تھوڑی دیر بیٹھے تھے پھر اٹھ کر پیچھے چلے گئے تھے تو واپس نہیں آئے

ہاں وہ دوست کے بار بار میسج آ رہے تھے کہ پیچھے آؤ

کون دوست؟

ہے ایک لڑکی کینٹ کی ہی ہے اس نے آئسکریم کھانی تھی

ایک لڑکی آپ کی دوست جسے آپ آئسکریم کھلانے گئے تھے

ہاں

او کے کھلائیں دوستوں کو آئسکریمیں اور بنائیں دوست

او کے

اللہ حافظ

Posted On Kitab Nagri

وہ رات بہت تکلیف دہ رات تھی جب عشاء کو لگا اس نے ایان کو ہمیشہ کے لیے کھو دیا ہے وہ پوری رات روتی رہی اس سوچ نے اسے سونے ہی نہیں دیا کہ ایان کی زندگی میں کوئی اور لڑکی ہے

اگلے دن ایان نے میسج کیا کہ وہ مذاق کر رہا تھا مگر جو ہونا وہ تو ہو چکا تھا عشاء کے دل میں کسی تیسرے کے آنے کا ڈر بیٹھ چکا تھا اب وہ پہلے کی طرح کیسے بن سکتی تھی اور ایسے مذاق بھی کہاں برداشت ہوتے ہیں جس میں محبت میں کسی تیسرے کی بات ہو رہی ہو

رات والی بات پر وہ پہلے ہی بہت تکلیف میں تھی اوپر سے ساجد کا میسج آ گیا

وہ رات کو وہاں کیوں آیا تھا؟

تمہیں اس سے مطلب وہ جہاں بھی جائے تم سے پوچھ کر نہیں آنا تھا اس نے

تو وہ تمہیں اپنی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کیوں کر رہا تھا؟

اسے مجھے اپنی طرف متوجہ کرنے ضرورت نہیں ہے میں پہلے ہی اس کی طرف متوجہ ہوں اس لیے اب دماغ مت خراب کرو میسج کر کر کے اس نے ٹھک سے اس کا دوسرا نمبر بھی بلاک کر دیا

وقت ایسے ہی گزرتا گیا اور عشاء کے پاپا کی پوسٹنگ سرگودھا ہو گئی

اس نے ایان کو میسج کر کے بتایا کہ وہ ہمیشہ کے لیے وہاں سے جا رہی ہے

Posted On Kitab Nagri

پھر ان کے جانے کا دن بھی قریب آ گیا ان کے جانے سے ایک دن پہلے ایان اپنی بہنوں کو اس سے ملوانے لے آیا مگر وہ اس کے سامنے نہیں گئی وہ اس کی وہ بات جو بھلا نہیں پا رہی تھی وہ اسے بنا دیکھے ہی سرگودھا آ گئی مگر ایک کاش نے اس کے اندر اپنی جگہ بنا لی تھی کہ کاش وہ ایک بار آتے ہوئے اس سے مل لیتی اسے دیکھ لیتی اس سے بات کر لیتی مگر یہ کاش کہاں پورے ہوتے ہیں یہ تو تکلیف بن کر انسان کے اندر ہی بس جاتے ہیں

سرگودھا آنے کے بعد بہت کچھ بدل گیا پہلے جیسا پیار ایک دوسرے سے بات کرنا ایک دوسرے کو اہمیت دینا وہ سب تو جیسے کہیں کھو گیا تھا ایسا لگتا تھا کہ میلوں کے فاصلے دلوں میں بھی آ گئے تھے کئی کئی دن تو بات ہی نہیں ہوتی تھی اور اگر کبھی بات ہو بھی جاتی تو ایک دوسرے سے اتنی بری طرح لڑائی ہو جاتی اور لڑائی کے بعد دونوں ہی انجان بن جاتے ایسا لگتا تھا جیسے دو پیار کرنے والوں کو نظر لگ گئی جو ایک دوسرے پر جان نچھاور کرنے کو تیار تھے وہ اب ایک دوسرے سے بات کرنے کے بھی روادار نہیں ہیں وقت بھی کیسے کیسے موڑ موڑتا ہے نہ کہ اچھا بھلا سمجھدار انسان بھی سمجھنے سے قاصر ہو جاتا ہے کہ آخر اس کے ساتھ ہو کیا رہا ہے

Posted On Kitab Nagri

عشاء کا کالج اسٹارٹ ہو گیا تو اس نے خود کو مصروف کر لیا مگر مصروف رہنے سے بھی وہ لوگ کہاں بھولتے ہیں جو ایک بار دل میں بس جائیں ان دونوں کو وقت نے ایک دوسرے کی نظروں میں اتنا برا بنا دیا تھا کہ دونوں کو ہی لگتا تھا کہ وہ دونوں ایک دوسرے کو دھوکا دے رہے ہیں دونوں کی زندگی میں کوئی اور آگیا ہے دونوں ایک دوسرے سے پیاری بھی کرتے تھے اور یاد بھی کرتے تھے مگر دونوں نے اپنے آپ کو انا کے خول میں بند کر لیا تھا کہ اگر وہ میسج نہیں کرتا تو میں کیوں کروں، وہ یاد نہیں کرتی تو میں کیوں کروں دونوں ہی ایک دوسرے کی حالت سے انجان بنے بیٹھے تھے اور پھر ایک وقت ایسا آیا کہ دونوں کے درمیان فاصلے اس قدر بڑھ گئے کہ ایک سال تک دونوں کے درمیان کسی بھی قسم کا رابطہ نہیں ہوا

ایک سال میں ایک لمحہ بھی ایسا نہ تھا جس میں اسے ایان یاد نہ آیا ہو

ایک سال بعد دونوں کا رابطہ ہوا تو دونوں کو ہی کسی وجہ سے اپنا نمبر بدلنا پڑا مگر جن کو ملنا ہو وہ مل ہی جاتے ہیں ایک سال بعد ہی سہی مگر ان دونوں کا رابطہ ہو گیا یہ ہی بہت بڑی بات تھی

Posted On Kitab Nagri

آپ نے تو ایک سال تک رابطہ نہیں کیا اگر اب بھی میں آپ کے سب سے پہلے والے نمبر پر میسج نہ کرتی تو ہوتا ہی نہ رابطہ وہ تو شکر تھا وہ نمبر آن تھا آپ کا کوئی دوست استعمال کر رہا تبھی میں نے ان سے کہا کہ آپ کو کہیں میرے نئے نمبر پر رابطہ کریں

میں نے اتنی بار تم سے رابطہ کرنے کی کوشش کی ایک تمہارا پہلا والا نمبر آف تھا اور انکل کے نمبر پر میں نے اتنی بار تمہاری دوست بن کر کانٹیکٹ کیا پر انہوں نے تم سے بات ہی نہیں کروائی اب جیسے ہی تمہارے نمبر کا دوست نے بتایا تو میں نے فوراً تمہیں میسج کیا

اچھا ٹھیک ہے اتنے عرصے کی دوریوں کے بعد ان دونوں کے درمیان بنے فاصلے آہستہ آہستہ کم ہو رہے تھے عشاء کی یونیورسٹی سٹارٹ ہو گئی تھی اس کی اور ایان کی روز رات کو گھنٹوں لمبی بات ہوتی تھی سب کچھ بہت اچھا ہو گیا تھا کہ اچانک عشاء کے گھر والوں کو ایان کے بارے میں پتا چل گیا عشاء کافی ڈر گئی تھی لیکن اس نے ہمت کر کے سب کچھ سچ سچ بتا دیا تب اس پر بہت پریشر ڈالا گیا کہ وہ ایان کو چھوڑ دے لیکن وہ ایسا کیسے کر سکتی تھی ابھی اتنا سب کچھ سہنے کے بعد تو ان دونوں کے درمیان سب کچھ ٹھیک ہوا تھا

Posted On Kitab Nagri

لیکن شاید قسمت کو کچھ اور ہی منظور تھا جب ایان کو اس کے گھر والوں کے رویے کا پتا چلا تو وہ اسے سمجھانے لگا ہم کچھ ٹائم کے لیے بات کرنا چھوڑ دیتے ہیں جب صحیح وقت آئے گا اپنے گھر والوں کو منا لیں گے تب سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا لیکن عشاء اس بات کو ماننے کے لیے تیار نہ تھی وہ اب ایان سے دوری برداشت نہیں کر سکتی تھی اسی لیے کسی صورت نہ مانی ایان بھی کچھ دن نارمل رہا پھر ایک دن اچانک ایان عشاء سے کہنے لگا

میں اب تم سے بات نہیں کیا کروں گا

لیکن کیوں؟

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

کیونکہ ہماری شادی نہیں ہو سکتی

کیوں نہیں ہو سکتی؟

کیونکہ میں نہیں کرنا چاہتا

مذاق کیوں کر رہے ہو؟

مذاق نہیں کر رہا میں سیریس ہوں

ایسا کیسے ہو سکتا آپ ایسا کیسے کر سکتے ہیں میرے ساتھ

کچھ نہیں کیا میں نے اب آئندہ مجھے میسج مت کرنا

ٹھیک ہے آپ کو جانا ہے نہ جائیں آپ میں بھی اب موو آن کر کے دکھاؤں گی ہر بار چھوڑ جاتے ہو

Posted On Kitab Nagri

اس بار واپس مت آنا

اوکے کر لینا موو آن اچھی بات ہے

ان کے اس بریک اپ نے عشاء کو بلکل توڑ کر رکھ دیا تھا بلکل گم سم سی ہو گئی تھی کچھ ہفتے ایسے ہی گزر گئے ماہی جو کچھ ہی مہینے پہلے ان کے سامنے والے گھر میں شفٹ ہوئی تھی اس کی بہت اچھی دوست بھی بن گئی تھی اس نے اپنی تکلیف اس سے شئیر کی

تم ہر بار کیوں اس کا انتظار کرو تمہیں موو آن کرنا پڑے گا عاشی ورنہ وہ شخص ہر بار کی طرح اس بار بھی آئے گا معافی مانگے گا اور ہمیشہ کی طرح تم اس بار بھی پگھل جاؤ گی

میں موو آن نہیں کر سکتی ماہی میں نے اسے صرف غصے میں کہا تھا کہ میں موو آن کروں گی اگر موو آن کرنا میرے لئے اتنا آسان ہوتا تو میں تب ہی کر لیتی جب ایک سال تک اس سے کانٹیکٹ نہ ہونے پر بھی صرف میں نے اس کا انتظار کیا تھا

www.kitabnagri.com

ایسے وہ ہر بار تمہیں ہرٹ کرتا آیا ہے اور آگے بھی کرتا رہے گا کیونکہ وہ جانتا تم تو ہو ہی پاگل

تو میں کیا کروں میں محبت کو دل سے نہیں نکال سکتی

محبت کو نکالنے کو کون کہہ رہا اسے احساس تو دلا سکتی ہو نہ

Posted On Kitab Nagri

وہ کیسے مووآن کر کے؟

ہاں بلکل ایسے ہی اسے احساس ہو گا

وہ مجھے بے وفا سمجھے گا

تو سمجھنے دو خود بھی وہ یہی کر رہا ہے

پر یار

پر ور کچھ نہیں اب تم موو آن کرو گی بس

پر کس کے ساتھ؟

احسن کے ساتھ

تمہارا دماغ ٹھیک ہے میں اپنے غصے اور ضد کے لیے اس بیچارے کا استعمال کیوں کروں گی بھلا

استعمال کیسے بھلا؟

وہ مجھے کالج لائف سے پسند کرتا ہے اس نے یہ بات جب کہی تھی تو میں نے اسے کہا تھا میں کسی اور کے ساتھ انوالوڈ ہوں تب وہ پیچھے ہٹ گیا اب میں اپنے مقصد کے لیے اسے یوز نہیں کر سکتی سوری یہ مجھ سے نہیں ہو گا

Posted On Kitab Nagri

یار تم کون سا اس کے ساتھ ریلیشن شپ میں جاؤ گی صرف اس کی ہیلپ لینی ہے کہ وہ ایان کے سامنے تمہارا بی ایف بن جائے کون سا اصلی میں بننا

ماہی وہ میری دوست کا بھائی ہے میرا کالج میٹ بھی تھا میرے لیے وہ ایک اچھے دوست کی طرح ہے میں اس کی فیلینگز کی بہت ریسپیکٹ کرتی ہوں ایسے مذاق نہیں بنا سکتی اس کے جذبات کا

یار ایسا کچھ نہیں ہو گا مجھے یقین ہے وہ یہ سب جان کر تمہاری ہیلپ ضرور کریگا

پر میں یہ سب اس سے کہوں گی کیسے

منہ سے 😌😌

دفعہ ہو بدتمیز

تم دفع ہو اس سے بات کرو گی یا میں کروں

نہیں میں کرلوں گی رہنے دو تم

احسن سب جاننے کے بعد اس کی مدد کرنے کے لیے تیار تھا

جب عشاء نے ایان کو دوبارا میسج کیا کہ وہ موو آن کر چکی ہے اور اس کو احسن کے بارے میں بتایا تو ایان کا ری ایکشن بلکل ویسا ہی تھا جو اس نے ایکسپیکٹ کیا تھا

Posted On Kitab Nagri

مگر برا یہ ہوا تھا کہ ایان عشاء کو بے وفا سمجھنے لگا تھا وہ واپس تو آگیا تھا مگر پہلے جیسا کچھ بھی نہ بچا تھا اس کے ساتھ رہتے ہوئے بھی عشاء سے اس کی اجنبیت اس کی نفرت بھری باتیں برداشت نہیں ہوتی تھیں وہ یہ بھول گیا تھا کہ وہ خود اس کے ساتھ برا کر کے اسے چھوڑ کر چلا گیا تھا یہ تو اس نے اسے واپس لانے کے لیے کیا تھا اگر وہ بے وفا ہوتی تو وہ واپس اسی کے پاس کیوں آتی لیکن مرد کو اپنی غلطیاں کہاں نظر آتی ہیں وہ تو بس عورت کے نا کردہ گناہوں کو بھی اس کے گناہ بنا کر دن رات اپنی نفرت کا نشانہ بنانا جانتے ہیں مرد ایک ہی پل میں وہ سب کیوں بھول جاتا ہے جو ایک عورت اس کی محبت میں کر جاتی ہے اس کی وفائیں اسکی قربانیاں سب ایک دن ایک چھوٹی سی غلطی کی نذر کر دی جاہیں

ان دونوں کے درمیان سب ختم ہو گیا تھا سب ٹھیک کرنے کے چکر میں اس کا جو مان اور وفا تھی اس کو بھی وہ توڑ کر تہمت لگا کر چلا گیا تھا

وقت اور حالات نے عشاء کو بہت بدل دیا تھا یہ اس کی زندگی کا وہ پہلا فیز تھا جب اسے سکون کی نیند کے لیے میڈیسن استعمال کرنی پڑتی تھی جب اس کے چہرے کی مسکراہٹ کھو گئی تھی اس حالت میں جب اسے اپنی محبت کے ساتھ کی ضرورت تھی تب اس کے دوستوں نے اسے سنبھالا تھا واپس پہلے کی طرح نارمل کیا تھا ماہی اور احسن اسے ہمیشہ خوش رکھنے کی کوشش کرتے تھے اسے مووآن کی طرف لے جا

Posted On Kitab Nagri

رہے تھے وہ موو آن کر بھی رہی تھی کیونکہ اپنی محبت پر سے مان جو ٹوٹا تھا اس کا تبھی ان دنوں احسن نے اسے کہا کہ وہ اپنی آپی سے اس کے بارے میں بات کر چکا ہے آرمی کی ٹریننگ مکمل ہوتے ہی وہ اپنے پیرنٹس کو بھیجنا چاہتا ہے مگر عشاء نے اسے کوئی جواب نہ دیا شاید اسکا دل آج بھی ایان کا انتظار کر رہا تھا

کاش تم نے اپنے پیرنٹس کو ایان کے بارے میں نہ بتایا ہوتا تو کوئی مشکل نہ ہوتی

تم بھول رہے ہو احسن وہ انسان آج بھی میرے دل میں ہے

میں جانتا ہوں لیکن تم ایک سراب کے پیچھے بھاگ رہی ہو عاشی میں تمہیں صرف بچانا چاہتا ہوں

اگر کبھی وہ واپس آگیا نہ تو میں خود کو اس کے پاس جانے سے روک نہیں پاؤں گی تب مجھ سے شکوہ مت کرنا

وہ کبھی واپس نہیں آئے گا اگر وہ تمہارا ہوتا تو وہ جاتا ہی کیوں

میں کچھ نہیں کر سکتی میں بہت بے بس ہوں اس کے معاملے میں

جانتا ہوں محبت انسان کو ایسا بنا دیتی ہے مجھے ہی دیکھ لو

Posted On Kitab Nagri

میں تمہارے لئے اپنے پیرنٹس سے نہیں لڑ سکتی میرے لئے جو وہ فیصلہ کریں گے وہ مان لوں گی میں

کسی کے لیے بھی ان سے نہیں لڑ سکتی میں صرف اسی کے لیے سب سے لڑ سکتی ہوں

مت لڑو میں کبھی نہیں کہوں گا

اور تم صرف میرے اچھے دوست بن کر رہو گے

ٹھیک ہے

پھر کچھ ٹائم بعد ایان واپس آ گیا لیکن عشاء جب بھی اس کے پاس واپس جانے کا سوچتی اسے ہر وہ تکلیف

یاد آ جاتی جو اس کی وجہ سے اس نے سہی

ایک دن ایان اسے بہت کنوینس کر رہا تھا اور عشاء کو وہ بہت تکلیف میں لگا

پلیز واپس آ جاؤ میں سب ٹھیک کر دوں گا

میں نہیں آ سکتی سوری

پلیز یار

ٹھیک ہے آپ احسن سے بات کر لو اگر وہ چاہتا ہے تو میں آ جاؤں گی واپس

اب تم ہر کام اس کے کہنے پر کرو گی کیا لگتا ہے وہ تمہارا؟

Posted On Kitab Nagri

وہ جو بھی لگتا ہے میں آپ کو بتانا ضروری نہیں سمجھتی

ٹھیک ہے مجھے نمبر دو میں بات کرتا ہوں اس سے

عشاء نے اسے احسن کا نمبر دے دیا

تھوڑی دیر بعد احسن کا میسج آیا

تم واپس جانا چاہتی ہو اس لئے تم نے اسے کہا کہ وہ مجھ سے بات کرے؟

وہ مجھے بہت بدلہ ہوا لگ رہا ہے جیسے وہ بہت تکلیف میں ہے

تو تم نے کیا سوچا ہے پھر؟

میں اسے تکلیف میں نہیں دیکھ سکتی احسن اسکی ہر تکلیف مجھے تکلیف دیتی ہے

ٹھیک ہے تم چلی جاؤ واپس اپنی کہی بات پوری کر لو

آئم سوری میں اس کی تکلیف برداشت نہیں کر پاؤں گی

خوش رہو اس کے ساتھ میری طرف سے بے فکر رہنا میں تمہاری حالت سمجھ سکتا ہوں

تھینکس

آخری بات سنو

Posted On Kitab Nagri

بولو

میں نے سنا تھا کہ عورت کبھی اپنی پہلی محبت نہیں بھلا پاتی اسے زندگی کے کسی بھی موڑ پر موقع ملے وہ واپس پہلی محبت کے پاس لوٹ جاتی ہے اور آج یہ دیکھ کر مجھے یقین ہو گیا ہے

کاش میں تمہاری پہلی محبت ہوتا لیکن افسوس

اللہ حافظ

خدا حافظ

وہ ہمیشہ کی طرح ایان کی محبت میں پگھل گئی لیکن اچھا ہوا اس بار ان کے درمیان سب غلط فہمیاں اور فاصلے مٹ گئے تھے یوں کہنا غلط نہیں ہو گا کہ ان کی محبت اک نئے انداز سے شروع ہوئی تھی ایان اب شروع کی طرح اس کی پرواہ کرتا تھا اہمیت دیتا تھا اور اس پر بھروسہ بھی کرتا تھا آزمائشوں نے شاید اب ختم ہو جانا تھا اب وہ ایک دوسرے کو سمجھتے تھے اگر بات ہو بھی جائے تو مل کر اسے کلئیر کر لیتے تھے یا یوں کہنا بہتر رہے گا کہ اب ان کے درمیان انڈرسٹینڈنگ پیدا ہو گئی تھی وہ ایک دوسرے کی ہر بات سمجھنا سیکھ گئے تھے

Posted On Kitab Nagri

سب بہت اچھا چل رہا تھا گھر میں ان سے ریلیٹڈ کوئی بات ہو بھی جاتی تو وہ سنبھال لیتے تھے لیکن وقت کب تک صحیح چل سکتا ہے جیسے برا وقت ہمیشہ نہیں رہتا ویسے ہی اچھا وقت بھی ہمیشہ نہیں رہتا وہ دونوں بہت کوشش کر رہے تھے گھر والوں کو منانے کی مگر دونوں کے گھر والے کاسٹ ڈیفرینس کو اپنی ضد بنا چکے تھے ہر کوشش کر کے بھی وہ ان کو منانے میں ہار گئے

حال:

عاشی، عاشی وہ ماہی کی آواز سن کر ماضی کی یادوں سے نکلی

یہاں ہوں ماہی بالکونی میں

یار تم نے ابھی سے والک پر جانا کیوں چھوڑ دیا یار جب تمہارے پیپرز شروع ہوں گے تب نہ جانا یہ دو ہفتے تو چلو نہ

یار میرا دل نہیں کرتا اور جو ہم کرتے ہیں اسے تم والک تو نہ ہی کرو کیوں والک کی بے عزتی کر رہی ہو

عشاء کی بات سن کر دونوں کا قہقہہ نکلا

ہاں تو ہم اپنے گھر سے چل کر پارک تک جاتے ہیں یہ ہی بہت ہے والک کہنے کے لیے پارک میں جا کر ہم جو مرضی کریں

Posted On Kitab Nagri

ہاہاہاہاہا یار ویسے کل جب میں تم اور طیبہ نے کنگ اسٹاپ کھیلنا سٹارٹ کیا باقی سارے بچے بھی ہمیں دیکھ کر وہی کھیلنا شروع ہو گئے😂

ہاں تو برینڈ کو کاپی تو کیا جاتا ہے نہ

یہ بات سن کر پھر سے دونوں نے قہقہہ لگایا

پاگل

اچھا نہ آجا چلیں

اچھا میں شال لے آؤں کمرے سے یا اسی دوپٹے میں چل پڑوں

آجا ایسے ہی

ہاں خود میڈم شال میں ہیں اور مجھے کہہ رہی ایسے ہی آجا تم ماما کے نیچے اترو میں آرہی لے کر

اچھا

29 مئی سوموار کا دن تھا وہ یونیورسٹی گئ تھی پہلا لیکچر ختم ہونے کے بعد اس کی دوستوں نے باہر جانے کا کہا تو اس نے منع کر دیا اس کا دل بہت گھبرا رہا تھا سانس بھی لینے میں تکلیف ہو رہی تھی اچانک بیٹھے

Posted On Kitab Nagri

بیٹھے اسے سینے میں درد شروع ہوا وہ جب بھی ذہنی دباؤ کا شکار ہوتی اسے سانس لینے میں تکلیف شروع ہو جاتی سانس کا مسئلہ تو اسے پہلے سے ہی تھا لیکن اب وہ ڈپریشن کی مریضہ بھی بنتی جا رہی تھی

اس کی سبھی دوستیں آفس سے میم کو بلا لائیں اس کی تکلیف بڑھتی جا رہی تھی اس کی کلاس میں سبھی اس کی حالت دیکھ کر پریشان ہو گئیں تھی کوئی اس کے ہاتھوں کو مسل رہی تھی کوئی کمر کو مگر تکلیف ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی تھی تبھی ایمبولینس میں اقراء اور ہانیہ کے ساتھ اسے سی ایم ایچ بھیجا گیا وہاں اس کے بھائی اور ماما بھی آ گئے

ان کو ناک کے مسئلے کی وجہ سے سانس لینے میں تکلیف ہوتی ہے لیکن اس کی یہ میڈیسن استعمال کر رہی ہے اس کی ماما نے ڈاکٹر کو بتایا

جی یہ پہلے بھی دو تین مرتبہ میرے پاس ایمرجنسی میں آ چکی ہے ان کو کسی چیز کا شدید سٹریس ہے اسی وجہ سے اینزائٹی اٹیکس ہوتے ہیں تو سانس اکھڑنے لگتی ہے

ابھی تو ان کو آکسیجن لگایا ہے تھوڑی دیر تک نارمل ہو جائیں گی تو ان کو میں سائکیٹری وارڈ میں بھیجوں گا2

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

گھنٹے اسے آکسیجن اور ڈرپ لگائے رکھی تو اسے تھوڑا ہوش آیا پھر اسے سائیکیٹرس کے پاس بھیجا گیا

وہاں اسکا چیک اپ کرنے کے بعد سائیکیٹرس نے بتایا کہ اسے ایک سالہ کورس کرنا پڑے گا اگر بیچ میں میڈیسن چھوڑی تو حالت پھر پہلے جیسی ہو جائے گی

آپ کوشش کریں انکو ٹینشن سے دور رکھیں ورنہ اگر ایسے ہی اٹیکس ہوتے رہے تو نروس بریک ڈاؤن ہو سکتا ہے

وہ پورا ہفتہ یونیورسٹی نہیں گئی کبھی اچانک وہ بیٹھے رونے لگ جاتی اگر میڈیسن دے کر اسے سلایا جاتا تو ڈر کر چیخیں مارنے لگتی کسی سے بات نہیں کرتی تھی بلکل اپنے ہوش کھو بیٹھی تھی شاید اس کی حالت دیکھ کر اس کی ماما رونے لگتی اس کے پاپا بھی اس کی حالت دیکھ کر اپنے آنسوؤں پر کنٹرول نہ کر سکے

ابھی اسے میڈیسن دے کر سلایا ہی تھا کہ وہ روتے ہوئے چیخیں مارنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماماماما وہ جا رہا ہے اسے کہیں نہ وہ نہ جائے

کون جا رہا ہے عشاء مجھے بتاؤ بیٹا کون جا رہا ہے

وہ ٹوٹے لفظوں میں ایان کا نام لینے لگی اس کی ماما کو پہلے ہی شک تھا کہ اس کی اس حالت کی وجہ کیا ہے مگر آج ایان کا نام سن کر انہیں یقین ہو گیا تھا

Posted On Kitab Nagri

نہیں جا رہا وہ کہیں نہیں جا رہا

نہیں ماما اس نے کہا وہ جا رہا

اچھا تم پریشان مت ہو

ماما مجھے درد ہوتا اسے کھو نہ جائے

ٹھیک ہے تم رونا بند کرو ہوش میں آؤ

ہم سے کچھ بھی مانگ لو لا دیں گے وہ نہ مانگو عاشی جو ہمارے بس میں نہیں وہ اپنی زندگی میں آگے بڑھ چکا ہے اپنے ماں باپ کو منا نہیں پایا اور تم اس کے لیے خود کو برباد کر رہی ہو

وہ روتے ہوئے اس کے پاس بیٹھیں اسے سلانے کی کوشش کرنے لگیں شام کو اس کی ماما کچن میں تھیں جب وہ زمین پر بیٹھی بنا آواز کے رو رہی تھی ماما کمرے میں آئیں تو اپنی بیٹی کو اس حال میں دیکھ کر اس کا دل دکھا انہوں نے اسے اٹھا کر اوپر بٹھایا اور ماہی کو بلا کر لائیں

کیا ہوا ہے عاشی رو کیوں رہی ہو

وہ وہ جا رہا ہے

کون جا رہا ہے کوئی نہیں جا رہا سنبھالو خود کو

Posted On Kitab Nagri

نہیں وہ جارہا اسے کھو نہ نہ جائے مجھے درد ہو تا

ٹھیک ہے میں بات کروں گی اس سے پر خود کو سنبھالو تو سہی

نہیں وہ جارہا وہ ہچکیاں لیتی اس سے لپٹ کر بچوں کی طرح رو رہی تھی

ماہی اس کی حالت دیکھ کر بہت پریشان ہو گئی تھی اس نے کچھ دن پہلے ہی تو اپنی دوست کو اتنے عرصے بعد خوش دیکھا تھا اور اب اس کی یہ حالت

ایک ہفتہ سب نے اس کا بہت خیال رکھا ماہی نے ایان سے بھی بات کی مگر اسے عشاء کی حالت پر رحم نہ آیا اس کی حالت کچھ بہتر ہوئی تو اس نے اپنے فائنل پیپرز دیئے

پیپرز ختم ہو گئے تھے وقت بھی ہمیشہ کی طرح تیزی سے گزر رہا تھا اس کی چھٹیاں بھی ختم ہونے کو تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ شام کے وقت چھت پر بیٹھی بہت ہی گہری سوچ میں مبتلا تھی جب ماہی اس کے پاس آکر بیٹھی

کیا سوچ رہی ہو

کچھ نہیں میں نے کیا سوچنا

میں نوٹ کر رہی ہوں عاشی تم بہت بدل گئی ہو

Posted On Kitab Nagri

اچھا کیا بدلہ ہے مجھ میں

یہی تم اب پہلے کی طرح بولتی نہیں ہو اپنی ہر بات اپنے دل میں ہی رکھتی ہو مجھ سے بھی شئیر نہیں کرتی کوئی تمہیں کچھ بھی بول دے تم وضاحت نہیں دیتی بس خاموش ہو کر سنتی رہتی ہو

کیا بولا کروں ماہی جب میں بولتی تھی سب کو اپنی محبت کا یقین دلانے کی کوشش کرتی تھی تو کوئی نہیں سنتا تھا اسی لیے تو چپ رہنا سیکھ لیا ہے میں نے جیسا سب چاہتے تھے ویسا بنا لیا ہے خود کو اس کا نام نہیں لاتی اب اپنی زبان پر سب کے ساتھ خوش رہتی ہوں

اپنے دل کی باتیں دل میں رکھو گی تو بیمار بن جاؤ گی دل کی باتیں کسی سے شئیر کر لینے سے دل کا بوجھ ہلکا ہو جاتا ہے

ایک بات پوچھوں کیا جس لڑکی کو محبت ہو جائے تو وہ بدکردار اور آوارہ ہوتی ہے؟

www.kitabnagri.com

ایسا کچھ نہیں ہے مت سوچا کرو ایسا

سب تو یہی سمجھتے ہیں یار محبت تو ہو جاتی ہے کوئی جان بوجھ کر تو نہیں کرتا نہ کون چاہتا ہے وہ تکلیف میں رہے مجھے بھی ہو گئی میں تو صرف اپنے حق کے لیے بولتی ہوں نہ کچھ پسند کرنا تو حق ہے نہ میرا پھر سب مجھے برا کیوں سمجھتے ہیں

Posted On Kitab Nagri

تم لوگوں کی باتوں کو دل پہ مت لو

جیسا سب چاہتے تھے ویسا ہی بنا لیا ہے خود کو اس لیے سب کو لگتا ہے میں اسے بھول رہی ہوں آگے بڑھ رہی ہوں میں اسے بھول ہی نہیں سکتی کبھی ماہی مجھے اس سے عشق ہے اور عشق جب ایک بار انسان کو اپنے ساتھ جوڑ لے تو وہ مرتے دم تک اسکا پیچھا نہیں چھوڑتا لوگ جو کرتے ہیں مجھے اس سب فرق نہیں پڑتا مجھے تو اس سے شکوہ ہے جس نے محبت کی راہ میں مجھے تنہا چھوڑ دیا

پتا ہے ماہی کہنے کو میں اس کی بہت لاڈلی تھی ہر نخرہ اٹھاتا تھا وہ میرا غصہ بھی خاموشی سے سہہ لیتا تھا باقی لڑکوں کی طرح بدتمیزی نہیں کرتا تھا پرواہ بھی اتنی کرتا تھا کہ زمانے کی ہر برائی سے بچا کر رکھنا چاہتا تھا وہ مجھے اور دیکھو نہ جاتے ہوئے میرے ساتھ وہی کر کے گیا جو زندگی لاڈلوں کے ساتھ کرتی ہے اس نے سب کا سوچا میرا نہیں مجھے سب کی خوشی کے لیے یہ سزا دے کر چلا گیا کہ میں اسے بھول جاؤں اسے تھوڑا سا بھی دکھ نہیں ہوا مجھے یہ کہتے ہوئے کہ میں کسی اور سے شادی کر لوں وہ تو کسی کی نظر بھی مجھ پر برداشت نہیں کر پاتا تھا پھر یہ کیسے برداشت کرے گا کہ میں کسی اور کی بن جاؤں مجھ سے نہیں ہو گا یہ ماہی میں اس سے دور رہ لوں گی مگر میں کسی اور کی ہو کر جی نہیں پاؤں گی ایک لمحے کے

Posted On Kitab Nagri

لیے بھی اس کا خیال میرے دل سے نہیں جاتا اگر کسی اور سے شادی ہو گئی تو اس کا خیال مجھے جینے نہیں دے اسکو یاد کرنے کا حق چھن گیا تو میں مر جاؤں گی

مجھے اب کسی سے کوئی امید نہیں ہے صرف اللہ پر بھروسہ ہے کہ وہ مجھ پر رحم کرے گا میری دعا پوری ہو گی اگر وہ میرے نصیب میں اتنی دعاؤں کے بعد بھی نہ لکھا گیا تو صبر کی آخری حد پر مر جانا ہے میں نے میں صرف یہی دعا کرتی ہوں اگر کسی بھی طرح وہ میرا نصیب نہیں بن سکتا تو اللہ مجھے کسی اور کے ساتھ کی آزمائش میں نہ ڈالے میں اس آزمائش سے ہی تھک گئی ہوں اور آزمائش ہوئی تو سہہ نہیں پاؤں گی

اللہ تمہارے ساتھ کبھی برا نہیں کریں گے دیکھنا تم نے سب اس ذات پر چھوڑ کر اس پر یقین کیا ہے نہ تو وہ کبھی تمہیں مایوس نہیں کرے گا

پتا ہے ماہی میری آخری خواہش ہے کہ اگر وہ میرا نہیں ہے تو مرنے سے پہلے صرف ایک بار اس سے ملنا چاہتی ہوں وہ سب باتیں بتانا چاہتی ہوں جو کبھی نہیں کہہ پائی اور چاہتی ہوں کہ میں مر گئی نہ تو اسے کبھی پتا نہ چلے وہ یہ دکھ سہہ نہیں پائے گا میں جانتی ہوں دنیا کے لئے اس نے مجھے چھوڑ تو دیا ہے پر وہ بھی مجھ سے بے پناہ محبت کرتا ہے اس کی زندگی میں کوئی بھی آئے پر آخری سانس تک اس کے دل

Posted On Kitab Nagri

میں صرف میں رہوں گی اس لئے میں نہیں چاہتی کہ میرے مرنے کی خبر اسے توڑ دے میں ہمیشہ اسے خوش اور کامیاب دیکھنا چاہتی ہوں

2سال بعد:

تمہارے لئے جو پروپوزل آیا ہے اسی کو ہم ہاں کریں گے بھول جاؤ سب اور اپنے آپ کو تیار کر لو اس شادی کے لیے تمہاری شادی اس سے نہیں ہو سکتی اور 2 سال ہو گئے وہ واپس مڑ کر نہیں آیا تمہیں سمجھ کیوں نہیں آتا وہ تمہیں بھول چکا ہے اب تم وہی کرو گی جو ہم کہیں گے عشاء کی ماما اس پر چلاتے ہوئے بولیں

میں نہیں کر سکتی ماما کس اور سے شادی پلیز میرے ساتھ یہ ظلم مت کریں میں مر جاؤں گی 

تم کیا چاہتی ہو عشاء تمہارے ماں باپ مر جائیں اس لیے بھول جاؤ اسے اور رحم کرو ہم پر اور یہ جو اس کے نام کی انگوٹھی اپنی انگلی میں پہن کر بیٹھی ہو نہ اسے نکال کر پھینک دو کسی اور کے نام ہونے جا رہی ہو اب تم

میں یہ نہیں اتاروں گی اگر آپ لوگوں نے زبردستی کی تو ایلفی لگا کر اپنی انگلی کے ساتھ جوڑ لوں گی یہ میرے مرنے کے بعد ہی اترے گی اب

Posted On Kitab Nagri

اس کی بات کے بدلے میں اسے ایک زوردار تھپڑ رسید کیا گیا

گھر میں اس کی شادی کی تیاریاں زوروشور سے جاری تھیں اس کی خالائیں پھپھو سب تیاریوں میں مصروف تھے اس دن کے بعد اس نے کسی سے کچھ بھی کہنا چھوڑ دیا تھا سب کو لگتا تھا کہ وہ بھول رہی ہے اور اس رشتے کو قبول کر رہی ہے مگر وہ یہ نہ سمجھ سکے کہ اتنے سالوں سے وہ نہ بھول پائی چند دنوں میں کیا بھولے گی وہ تو اس روگ کے ساتھ اندر ہی اندر مر رہی ہے

عاشی اٹھو ناشتہ کر لو پھر بازار بھی جانا تم نے اپنی پسند کی شادی کی شاپنگ کرنا اٹھ جاؤ

اسے بے سدھ پڑے دیکھ کر اسکی ماما اسے پاس آکر اٹھانے لگیں تو اس کا جسم بخار سے تپ رہا تھا

تبھی اسے ہاسپٹل لے جایا گیا اس کو آکسیجن لگائی گئی کیونکہ اس سانسیں اکھڑ رہیں تھی تھوڑی دیر بعد ڈاکٹر نے آکر بتایا

پیشینٹ کی حالت کافی سیریس ہے کسی بات کا بہت سٹریس لیا ہے جس سے دماغ بلکل سن ہو گیا ہے اسی لئے سانس لینے میں تکلیف ہو رہی آپ دعا کریں باقی ہم پوری کوشش کر رہے ہے

2 دن سے وہ نیم بے ہوش ہسپتال کے بستر پر پڑی تھی ہر کوئی اس کے لئے دعا کر رہا تھا مگر وہ تو ہر درد سہتے سہتے تھک گئ تھی لیکن کوئی بھی اس کے درد کو سمجھ نہیں پایا تھا

Posted On Kitab Nagri

اس نے شاید جینے کی خواہش ہی چھوڑ دی تھی تبھی آنکھیں بند کر کے لیٹ گئی تھی اس کے اپنوں کو تو اس پر آج تک رحم نہ آیا لیکن شاید اللہ کو اس کی حالت پر رحم آگیا تھا اس کی ہر تکلیف ختم ہونے کا وقت آگیا تھا تبھی اس کے دل کی دھڑکن بڑھنے لگی اسے سانس لینے میں بہت تکلیف ہو رہی تھی ہاتھ پر لگی ڈرپ سے خون بہنے لگا ڈاکٹر اس کی حالت کو بہتر کرنے کی کوشش کر رہے تھے مگر اچانک اس کی دھڑکن سست ہونے لگی اور اس کے دل کو ہمیشہ کے لیے ہر درد سے آزادی مل گئی

I'm sorry

ہم نے بہت کوشش کی مگر جو اللہ کو منظور ڈاکٹر یہ کہہ کر وہاں سے چلا گیا مگر وہاں موجود ہر شخص پر تو جیسے قیامت آگئی تھی وہ ہی ہوا جو وہ کہتی تھی کہ اسے کسی اور کے ساتھ زبردستی باندھنے کی کوشش کی تو وہ مر جائے گی اور وہ بدنصیب ہر درد سہتے سہتے آج ختم ہو گئی اب شاید اس کے مرنے کے بعد سب کو اپنی غلطیوں کا احساس ہو جائے مگر ان کے اس احساس کا اب کیا فائدہ ہو گا ان کی بے جا ضد ایک جان کھا گئی

Posted On Kitab Nagri

جو حق ہمارے دین اسلام نے لڑکی کو دیا ہے کہ اس کی مرضی کے خلاف اس کی شادی نہیں کی جاسکتی یہ گناہ ہے پھر گھر والے اس بات کو کیوں نہیں سمجھتے زبردستی اسے ایک ناپسندیدہ شخص کے ساتھ کیوں باندھ دیتے ہیں

اللہ تعالیٰ کے نزدیک ذات، نسل، فرقہ ان سب کی کوئی اہمیت نہیں تو پھر کیوں لوگ اس ذات کے خلاف جاکر ان سب پر ایمان لے آتے ہیں ان کے لیے کسی کی جن لینا اپنی اناوضد قربان کردینے سے زیادہ اہم کیوں ہے کیوں ماں باپ اپنی اولاد کی زندگی ان کی خوشی پر ذات جیسی اللہ تعالیٰ کی سخت ناپسندیدہ چیز کو اہمیت دیتے ہیں ہمارا معاشرہ جتنی بھی ترقی کرلے لیکن لوگوں کی سوچ آج بھی وہی پرانی گھسی پٹی سی ہے یہاں محبت کو گناہ سمجھا جاتا ہے اگر کسی کو محبت ہو ہی جائے تو غیرت ع انا کے لئے اسے مار تو دیں گے مگر اس کی خواہش کو قبول نہیں کریں گے ایسے بہت سے لوگ ہیں جو اپنے ادھورے عشق کا روگ لے کر یا تو اپنا ذہنی توازن کھو بیٹھتے ہیں یا اپنی جان گنوا بیٹھتے ہیں

ختم شد

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595